لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں
ABC CERTIFIED
عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز
تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان
DAILY AWAMI MOHABBAT
روزنامہ
عوامی محبت
قصور، پاکستان
چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر
سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس
جلد نمبر 20
منگل 30 ربیع الثانی 1448ھ، 13 اکتوبر 2026ء، 29 اسوج 2080ب
شمارہ نمبر 111

ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں گے، وزیراعظم شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

ٹیکس وصول کر کے جیب بھرنے والے رعایت کے مستحق نہیں وزیراعظم

شہباز شریف کی پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب کے پہلے سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ سسٹم کا افتتاح کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

گورنر خیبرپختونخوا سے امیر مقام کی ملاقات

خیبرپختونخوا کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، سیاسی امور پر گفتگو

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ ترجمان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

پاکستان اور قطر ثالثی کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں، اسماعیل بقائی

تہران (سٹاف رپورٹر) ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کے لیے پاکستان اور قطر کردار ادا کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں ایرانی وزارت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

تیل مہنگا ہونے کے باوجود معیشت 4 فیصد بڑھے گی وزیر خزانہ

پاکستان عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی بڑھانے، بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی مدت طویل اور سرمایہ کاری کے ذرائع متنوع بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، وزیر خزانہ

حکومت آئندہ دو سے تین سال کے دوران بعض قلیل مدتی بیرونی قرضوں کو طویل میعادی قرضوں میں تبدیل کرنے کی کوشش کریگی، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی بڑھانے، بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی مدت طویل کرنے اور سرمایہ کاری کے ذرائع متنوع بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، مشرق وسطی میں جاری تنازع اور تیل کی بلند قیمتوں کے باوجود ملک کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زیادہ شرح نمو حاصل کرے گی ، پاکستان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

پی ٹی آئی نے احتجاج کی جعلی ویڈیوز پھیلائیں عظمی بخاری

جامشورو کے بوائلر حادثے، جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیوز پشاور اور اسلام آباد سے منسوب کی گئیں

جعلی لیڈرشپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج!، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمٰی بخاری پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کی فیک ویڈیوز کی حقیقت سامنے لے آئیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر صوبائی وزیر عظمٰی بخاری کا کہنا تھا کہ جامشورو میں ایک بوائلر کی پرانی ویڈیو کو پشاور احتجاج سے منسوب کیا گیا، ایک بھارتی شہری اشوک سوان نے جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیو کو اسلام آباد احتجاج کی ویڈیو سے منسوب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

گورنر راج: خیبر پختونخوا کے ایڈووکیٹ جنرل آفس کے تمام 57 افسران فارغ

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد بیوروکریسی اور پولیس ڈیپارٹمنٹ میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کے بعد ایڈووکیٹ جنرل آفس کے 57 افسران (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

گلگت، غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافہ کرنے کا فیصلہ

گلگت (سٹاف رپورٹر) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

صدر زرداری کی اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دی ہے۔ پیر کو سوشل میڈیا پلیٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

ایپکس کمیٹی اجلاس، خیبر پختونخوا میں امن بحالی اور سیکورٹی اداروں کی استعداد کار بڑھانے کا فیصلہ

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاقی حکومت KP کی بھرپور حمایت کرے گی

محسن نقوی

وفاق صوبے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرے گا، وفاقی وزیر داخلہ کا اجلاس سے خطاب

سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے جدید ہتھیار، آلات اور دیگر ضروری وسائل فراہم کیے جائیں گے، گورنر فیصل کریم کنڈی کا خطاب

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں صوبے میں امن وامان کی صورت حال، دہشتگردی کے خاتمے، سیکیورٹی اداروں کی استعداد کار بڑھانے اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں پہلی بار ایک پیج پر ہیں۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

پنجاب میں جان لیوا ٹریفک حادثات میں 35 فیصد کمی ریکارڈ، رپورٹ جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹریفک پولیس پنجاب نے سال 2026ء کے پہلے 9 ماہ کے ٹریفک حادثات اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے اعداد و شمار جاری کر دیئے جن کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر ایف بی آر کا جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کیلئے علاقائی سطح پر مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

لاہور: صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد سے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا، شوکت یوسفزئی

مذاکرات سے معاملات طے ہو سکتے تھے، حکومت نے انتہائی جلد بازی کا مظاہرہ کیا، سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی پختونخوا

پشاور (سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا ہے، صوبے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

لاہور: چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا ڈیجیٹل ادائیگیوں، انفورسمنٹ کارروائیوں اور مانیٹرنگ بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مریم نواز نے سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کا افتتاح کر دیا

پروگرام کے تحت لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں 46 لاکھ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو گھر کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی

وزیراعلیٰ آفس کے اعلامیے کے مطابق موبائل ہیلتھ پروگرام کے ذریعے رجسٹرڈ محنت کشوں کو کام کی جگہ پر جبکہ ان کے اہل خانہ کو گھر پر طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کا افتتاح کر دیا۔ اس پروگرام کے تحت لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں 46 لاکھ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو گھر کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی، وزیراعلیٰ آفس کے اعلامیے کے مطابق موبائل ہیلتھ پروگرام کے ذریعے رجسٹرڈ محنت کشوں کو کام کی جگہ پر جبکہ ان کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

پاکستان اور برازیل کے درمیان فوجی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق برازیل کے اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔

وفد کی قیادت برازیل کی مسلح افواج کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے سربراہ ایڈمرل رینالٹو روڈریگز ڈی اگویار فریرے نے کی، وفد کی آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی

راولپنڈی: (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق برازیل کے اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق وفد کی قیادت برازیل کی مسلح افواج کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے سربراہ ایڈمرل رینالٹو روڈریگز ڈی اگویار فریرے نے کی، وفد کی آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پشاور میں ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب کے 239 سرکاری ہسپتالوں کا دوسرا فائر سیفٹی آڈٹ مکمل

ساتوں حفاظتی پیمانوں پر بہتری، 691 فائر ہائیڈرنٹس نصب، 225 ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز تعینات

لاہور (سٹاف رپورٹر) پمز واقعے کے بعد پنجاب بھر کے سرکاری ہسپتالوں کا دوسرا فائر سیفٹی آڈٹ مکمل کر لیا گیا، جس میں پہلے آڈٹ کے مقابلے میں حفاظتی اقدامات کے تمام 7 پیمانوں پر بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کے 239 سرکاری ہسپتالوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کیا گیا، جن میں 56 ٹرشری کیئر، 41 ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) اور 142 تحصیل ہیڈکوارٹر (ٹی ایچ کیو) ہسپتال شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہسپتالوں میں مجموعی طور پر 710 فائر ہائیڈرنٹس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج جمہوری اقدار کے منافی، منتخب حکومت بحال کی جائے' جاوید قصوری

پاکستان اس وقت معاشی مشکلات، بدامنی اور دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور گورنر راج کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو تہائی اکثریت رکھنے والی جماعت کی منتخب حکومت کو ختم کرنے کی کوشش جمہوری اصولوں اور عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے، جماعت اسلامی ایسے کسی بھی غیر جمہوری اقدام کو مسترد کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ عوام کے منتخب نمائندوں کے مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے منتخب حکومت کو بحال رکھا جائے۔ محمد جاوید قصوری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی 150 افسران کو زندگیاں بچانے کی تربیت

لاہور (سٹاف رپورٹر) ریسکیو 1122 لاہور کے زیر اہتمام چائلڈ پروٹیکشن بیورو پنجاب کے 150 سے زائد زیر تربیت مرد و خواتین افسران کو زندگی بچانے والی بنیادی مہارتوں کی تربیت فراہم کی گئی اس سلسلے میں ضلعی ہیڈکوارٹر ریسکیو 1122 لاہور میں ایک تربیتی کلاس کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی سیشن میں چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے زیر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

آئی جی پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین، اہلخانہ کی ملاقات، مسائل سنے

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال محفل نعت میں خطاب کر رہے ہیں۔

افغانستان سے پاکستان پر حملے بند ہونے چاہئیں نائب وزیراعظم

افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کسی صورت قابل قبول نہیں، پاکستان کا واضح موقف

عوام کے جان و مال کے تحفظ، قومی معیشت کے استحکام اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہر صوبے کو اپنا کردار ادا کرنا ہے،، نائب وزیراعظم کا خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے دہشتگردی کو خطے اور دنیا کیلئے سب سے بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کسی صورت قابل قبول نہیں، افغانستان سے پاکستان پر حملے بند ہونے چاہئیں، عوام کے جان و مال کے تحفظ، قومی معیشت کے استحکام اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہر صوبے کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانا کوئی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

واربرٹن میں گورنمنٹ بوائز کالج کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

منصوبے پر 34 کروڑ روپے لاگت آئے گی، ابتدائی طور پر 5 کروڑ روپے جاری، دسمبر 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر

سانگلہ ہل (سٹاف رپورٹر) واربرٹن اور گردونواح کے طلبہ کے لئے تاریخی اقدام گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز کی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھ دیا گیا۔ وفاقی وزیر مملکت موسمیاتی تبدیلی و قدرتی آفات ڈاکٹر شذرہ منصب علی، چیف وہپ پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد اور ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے کالج کا سنگِ بنیاد رکھا۔ تقریب میں سابق ایم پی اے رائے اسلم کھرل، ڈائریکٹر کالجز لاہور ڈویژن ملک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

ماحولیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج، نمٹنے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں' فیصل ایوب کھوکھر

صوبائی وزیر کھیل و توانائی کا یونیورسٹی آف لاہور میں ”کوپ اِن مائی سٹی“ کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل و توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر نے یونیورسٹی آف لاہور میں ”کوپ اِن مائی سٹی“ کے عنوان سے منعقدہ تقریب میں شرکت کے موقع پر ماحولیاتی تبدیلی، موسمیاتی تحفظ اور فضائی آلودگی پر قابو پانے کے حوالے سے اپنے خطاب میں کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی موجودہ دور کا ایک اہم عالمی چیلنج ہے، جس سے نمٹنے کے لیے حکومت، تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی، نجی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

پراپرٹی ٹرانسفر اور ٹیکسوں کے نظام کو آسان بنانے سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا' سردار سلیم حیدر خان

گورنر پنجاب سے چوہدری ریاض اور چیئرمین فیڈریشن آف ریلٹرز ایسوسی ایشن مسرت اعجاز علی خان کی قیادت میں وفد کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں چوہدری ریاض ممبر فنانس کمیٹی پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب اور چیئرمین فیڈریشن آف ریلٹرز ایسوسی ایشن مسرت اعجاز علی خان کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

وزیراعظم کی دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت

فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کی فراہمی اور آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کی فراہمی اور آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ دانش آئی ٹی پارک کو اکیڈیمیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

پاکستان ریلوے میں کوٹھیوں، کوارٹرز کی بوگس الاٹمنٹ اسکینڈل میں اہم پیشرفت، 16 ملازمین معطل

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے میں کوٹھیوں اور کوارٹرز کی مبینہ بوگس الاٹمنٹ کے اسکینڈل میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، ریلوے حکام نے فراڈ کیس میں 16 ملازمین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

لاہور: مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل گرڈ پاکستان انجینئر الطاف حسین ملک اور چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں۔

AM FUTURE CONSULTANCY
AM FUTURE CONSULTANCY
Your trust, our service
آپ کا اعتماد، ہماری خدمت
NGO Non-Governmental Organization غیر سرکاری تنظیم
NPO Non-Profit Organization غیر منافع بخش تنظیم
Ministry Government Registration سرکاری رجسٹریشن
Company SECP / Pvt. Ltd. کمپنی رجسٹریشن
Firm Registration Partnership / Sole Proprietorship فرمٹ داری / انفرادی حکیت
Website Development ویب سائٹ کی تیاری
Tax Return Filing ٹیکس ریٹرن فائلنگ
Become a Filer فائلر بنیں
Bank Account Opening Assistance بینک اکاؤنٹ کھلوانے میں معاونت
EAD Services EAD سروسز
Business Promotional Video Creation کاروبار کی تشہیری ویڈیو بنوائیں
Fast Process تیز عمل
Legal Compliance قانونی تقاضوں کی پابندی
Fair Fee مناسب فیس
Service First خدمت اولین ترجیح
Contact Us Today | آج ہی رابطہ کریں
0322-8077033
0337-3337158
Hamza Town, Ferozepur Road, Lahore
حمزہ ٹاؤن، فیروزپور روڈ، لاہور

عوامی محبت
www.awamimohabbatgroup.com

ایڈیٹر، پبلشر اقبال دانیال کھوکھر نے چترا پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر کوٹرادھاکشن ضلع قصور سے جاری کیا
ایڈیٹر: اقبال کھوکھر، ڈپٹی ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس، انچارج کرائم سیل: ملک طاہر محمود
میگزین ایڈیٹر: ایس ایم صابر، انچارج نمائندگان: رشید لالہ، سرکولیشن: اشرف آسی
قصور آفس: کوٹرادھاکشن، کوٹ علی گڑھ پی او بکس نمبر 08 قصور۔ لاہور آفس: مون مارکیٹ حمزہ ٹاؤن فیروز پور روڈ لاہور
awami_mohabbat@yahoo.com awamimohabbat9@gmail.com
042-35457330 www.awamimohabbatgroup.com

فرمان قائدؒ



مجھے امید ہے کہ آپ میں سے ہر ایک اپنے اپنے دائرہ عمل اور اپنی اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہوگا۔ مجھے آپ سے صرف یہ کہنا ہے کہ ایک دوسرے سے مکمل تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کیجیے۔

(پشاور میں سرکاری افسران سے خطاب ۱۴ اپریل ۱۹۴۸ء)

پیغام اقبالؒ

اے رہرو فرزانہ! بے جذب مسلمانی
بے راہ عمل پیدا نے شاخ یقین نم ناک
رمزیں ہیں محبت کی گستاخی و بے باکی
ہر شوق نہیں گستاخ ہر جذبہ نہیں بے باک

(بالِ جبریل)

ہماری پولیس۔ محافظ یا خوف کی علامت؟

صدائے شکیل

پولیس کا بنیادی کام لوگوں کی جان و مال، عزت و آبرو اور حقوق کا تحفظ، جرائم کی روک تھام اور قانون کی بلاامتیاز عمل داری یقینی بنانا ہے۔ پولیس کا لفظ سنتے ہی شہری کے ذہن میں تحفظ، اطمینان اور مدد کا احساس پیدا ہونا چاہیے، لیکن ہمارے معاشرے میں صورتِ حال اکثر اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے۔ عام آدمی تھانے کا نام سنتے ہی بعض اوقات خوف اور بے یقینی کا شکار ہو جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ اس سوال کا جواب تلاش کرنے کے لیے ہمیں پولیس کے تاریخی پس منظر اور موجودہ نظام، دونوں کا جائزہ لینا ہوگا۔

اسلامی ریاست میں پولیس کا ابتدائی تصور

تاریخی طور پر اسلامی ریاست میں امن و امان، شہریوں کی خبرگیری اور بازاروں کی نگرانی کے باقاعدہ انتظامات حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔ آپؓ رات کے وقت مدینہ منورہ میں خود گشت کرتے اور رعایا کے حالات سے آگاہی حاصل کرتے تھے۔ رات کی نگرانی کے اس نظام کو عَسس کہا جاتا تھا، جس سے بعد کے ادوار میں صاحبُ الشُرطہ جیسے عہدے اور پولیس کے منظم تصور نے جنم لیا۔

اسی طرح بازاروں میں ناپ تول کی درستگی، ملاوٹ، ذخیرہ اندوزی اور عوام کے حقوق کی نگرانی کے لیے محتسب کا نظام بھی قائم کیا گیا۔ اس نظام کا بنیادی مقصد عوام کو خوف زدہ کرنا نہیں بلکہ ان کے حقوق کا تحفظ اور معاشرے میں عدل و نظم قائم کرنا تھا۔

حضرت عمرؓ کی حکمرانی کا تصور اس احساسِ ذمہ داری سے عبارت تھا کہ حکمران اپنی رعایا کے ہر فرد کے بارے میں جواب دہ ہے۔ دریائے فرات کے کنارے ایک کتے کے بھوک سے مرجانے کے حوالے سے حضرت عمرؓ سے منسوب قول اسی احساسِ جواب دہی کی عکاسی کرتا ہے کہ اگر میری ریاست میں کوئی جانور بھی بھوک سے مرجائے تو عمر سے اس کے بارے میں سوال ہوگا۔

یہی وہ تصور تھا جس میں ریاستی اہلکار حاکم نہیں بلکہ عوام کے خادم اور محافظ سمجھے جاتے تھے۔

جدید پولیس کا تصور اور برصغیر

جدید پولیس کا باقاعدہ تصور 1829ء میں لندن میں سر رابرٹ پیل کے ذریعے متعارف ہوا، جبکہ برصغیر میں 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد برطانوی حکومت نے پولیس ایکٹ 1861ء نافذ کیا۔ اس قانون کے پس منظر میں ایک ایسا نوآبادیاتی نظام موجود تھا جس کا بنیادی مقصد عوامی خدمت کے ساتھ ساتھ حکومتِ وقت کی رِٹ قائم رکھنا اور ریاستی نظم کو کنٹرول کرنا تھا۔

بدقسمتی سے آزادی کے بعد بھی برصغیر کے مختلف حصوں میں نوآبادیاتی پولیس نظام کی بہت سی بنیادی روایات اور انتظامی ڈھانچے برقرار رہے۔ یوں مسئلہ صرف قانون کا نہیں بلکہ اس ذہنیت اور انتظامی کلچر کا بھی ہے جو پولیس کو عوام کی خدمت کے بجائے طاقت کے اظہار کا ذریعہ بنا دیتا ہے۔

قانون کی کتاب اور زمینی حقیقت

قانون اور اصولوں کی کتاب میں پولیس کے بنیادی فرائض نہایت واضح ہیں:

1. جان و مال کا تحفظ: ہر شہری کی زندگی، عزت اور املاک کی حفاظت۔
2. جرائم کی روک تھام اور تفتیش: جرم کی غیر جانب دارانہ تفتیش اور قانون کے مطابق مقدمہ درج کرنا۔
3. قانون کی بلاامتیاز عمل داری: پولیس کسی سیاسی جماعت یا فرد کی ذاتی فورس نہیں بلکہ ریاست اور قانون کی محافظ ہے۔

کتاب میں یہ سب کچھ بہت خوبصورت دکھائی دیتا ہے، مگر سوال یہ ہے کہ زمین پر تصویر کیا ہے؟

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں پولیس کے حوالے سے رشوت، سیاسی دباؤ، تشدد، غیر شفاف تفتیش، طاقتور اور کمزور کے ساتھ مختلف رویے اور تھانہ کلچر کی شکایات عام ہیں۔

1۔ رشوت اور پرچہ کلچر

عام شہری کے لیے تھانے میں درخواست دینا اور ایف آئی آر درج کروانا بعض اوقات ایک مشکل مرحلہ بن جاتا ہے۔ شکایات سامنے آتی ہیں کہ معمولی چوری سے لے کر بڑے مقدمات تک بعض معاملات میں رشوت کے بغیر کارروائی آگے نہیں بڑھتی، جبکہ بعض اوقات بااثر افراد اپنے مخالفین کے خلاف مقدمات درج کروانے کے لیے بھی پولیس پر دباؤ ڈالتے ہیں۔

یہ صورتِ حال قانون کی بالادستی کے بنیادی تصور کو کمزور کرتی ہے۔

2۔ جعلی مقابلے اور حراستی تشدد

2019ء کا ساہیوال سانحہ ہمارے اجتماعی حافظے میں آج بھی موجود ہے۔ خلیل فیملی کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعے نے پولیس مقابلوں اور طاقت کے استعمال کے طریقۂ کار پر سنگین سوالات اٹھائے۔

اسی طرح پولیس حراست میں تشدد یا ہلاکتوں کے واقعات بھی وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہتے ہیں۔ ایسے ہر واقعے کی شفاف، غیر جانب دارانہ اور عدالتی نگرانی میں تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ حقیقت سامنے آسکے اور کسی بے گناہ کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔

3۔ طاقتور کے لیے نرمی، کمزور کے لیے سختی

ایک ہی نوعیت کے جرم میں اگر ملزم بااثر ہو تو اس کے ساتھ ایک مختلف طرزِ عمل اور اگر وہ غریب یا بے وسیلہ ہو تو اس کے ساتھ سخت رویہ اختیار کیے جانے کی شکایات عام ہیں۔

دھرنوں، احتجاجوں اور سیاسی سرگرمیوں کے دوران بھی پولیس پر سیاسی دباؤ کے الزامات سامنے آتے رہتے ہیں۔ پولیس کو حکومتِ وقت کی سیاسی طاقت بننے کے بجائے ریاست اور قانون کی غیر جانب دار محافظ ہونا چاہیے۔

4۔ شہری کا عدم تحفظ

ایک عام شہری، خصوصاً عورت، بچے یا کمزور طبقے سے تعلق رکھنے والا فرد، بعض اوقات تھانے جانے سے اس لیے گھبراتا ہے کہ کہیں وہ خود ہی کسی مشکل میں نہ پھنس جائے۔

یہ صورتِ حال انتہائی تشویش ناک ہے۔ جس ادارے سے شہری کو تحفظ ملنا چاہیے، اگر اسی ادارے سے خوف محسوس ہونے لگے تو یہ صرف پولیس کا نہیں بلکہ پورے نظامِ انصاف کا مسئلہ بن جاتا ہے۔

مسئلہ صرف پولیس کا نہیں

یہ بھی حقیقت ہے کہ پولیس کے تمام اہلکار بدعنوان یا بداخلاق نہیں۔ اس محکمے میں آج بھی بے شمار فرض شناس، ایماندار اور بہادر افسر اور جوان موجود ہیں جو اپنی جان خطرے میں ڈال کر شہریوں کی حفاظت کرتے ہیں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف لڑتے ہوئے شہید بھی ہوتے ہیں۔

لہٰذا ہر پولیس اہلکار کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا انصاف نہیں ہوگا۔ ہمیں یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ پولیس اہلکار خود کن حالات میں کام کرتے ہیں۔

پولیس کی مجبوریاں

1۔ سیاسی دباؤ:

پولیس کے افسران اور اہلکاروں پر سیاسی دباؤ، تبادلوں اور تعیناتیوں کے حوالے سے مداخلت کے الزامات ایک دیرینہ مسئلہ ہیں۔ جو اہلکار دباؤ قبول نہ کرے، اسے بعض اوقات مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

2۔ طویل ڈیوٹی اور ناقص سہولیات:

پولیس اہلکار اکثر طویل اوقاتِ کار میں خدمات انجام دیتے ہیں۔ مناسب آرام، رہائش، علاج اور دیگر بنیادی سہولیات کی کمی بھی ان کی کارکردگی اور رویے پر اثر انداز ہوتی ہے۔

3۔ نفری اور وسائل کی کمی:

بعض تھانوں کی حدود میں آبادی بہت زیادہ اور نفری محدود ہوتی ہے۔ گاڑیوں، ایندھن، جدید تفتیشی آلات اور دیگر وسائل کی کمی بھی پولیس کی کارکردگی میں رکاوٹ بنتی ہے۔

4۔ تربیت کا فقدان:

جدید پولیسنگ صرف طاقت کے استعمال کا نام نہیں۔ اہلکاروں کو قانون، انسانی حقوق، نفسیات، گفت وشنید، تنازعات کے پرامن حل اور شہریوں کے ساتھ مہذب برتاؤ کی بھی باقاعدہ تربیت ملنی چاہیے۔

اصلاح کیسے ممکن ہے؟

صرف پولیس کو برا بھلا کہنے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ اگر ہم واقعی پولیس کو عوام کی محافظ بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں نظام میں بنیادی اصلاحات کرنا ہوں گی۔

1۔ سیاسی مداخلت کا خاتمہ:

پولیس کو سیاسی دباؤ سے آزاد اور قانون کے تابع بنایا جائے۔ تعیناتی اور تبادلوں کے لیے واضح، شفاف اور میرٹ پر مبنی نظام وضع کیا جائے۔

2۔ بہتر تنخواہ اور سہولیات:

پولیس اہلکاروں کو مناسب تنخواہ، رہائش، علاج اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ معاشی دباؤ کم ہوگا تو بدعنوانی کے امکانات بھی کم کیے جا سکتے ہیں۔

3۔ سزا اور جزا کا مؤثر نظام:

اچھے کام کرنے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی اور بدعنوانی، تشدد یا اختیارات کے ناجائز استعمال میں ملوث اہلکاروں کے خلاف مؤثر کارروائی ہونی چاہیے۔ محض ایک تھانے سے دوسرے تھانے تبادلہ کرنا سزا کا متبادل نہیں ہونا چاہیے۔

4۔ کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال:

تھانوں، حوالات، پولیس گاڑیوں اور اہم کارروائیوں میں کیمروں اور باڈی کیمروں کا مؤثر استعمال کیا جائے تاکہ تفتیش اور کارروائی کا ریکارڈ موجود رہے اور کسی بھی فریق کے ساتھ زیادتی کی صورت میں حقیقت سامنے لائی جاسکے۔

5۔ آزاد شکایات کا نظام:

پولیس کے خلاف شکایات کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کے لیے مؤثر اور آزاد شکایتی نظام قائم کیا جائے تاکہ شہری کو انصاف کے حصول کے لیے دوبارہ اسی ادارے کے سامنے مجبور نہ ہونا پڑے جس کے خلاف وہ شکایت کر رہا ہے۔

6۔ عوام دوست تھانہ کلچر:

ہر تھانے میں شہریوں کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آنے، درخواست اور ایف آئی آر کے اندراج، قانونی رہنمائی اور شکایات کے ازالے کے لیے باقاعدہ نظام ہونا چاہیے۔ تھانہ خوف کی علامت نہیں بلکہ ریاستی تحفظ کا پہلا مرکز بننا چاہیے۔

پولیس اور سیاست دان، دونوں کو اپنا کردار سمجھنا ہوگا

دراصل پولیس کا بنیادی کام لوگوں کی جان و مال کی حفاظت اور جرائم کی روک تھام ہے، مگر جب سیاسی لوگ اپنے ذاتی یا جماعتی مفادات کے لیے پولیس پر دباؤ ڈالیں، دھونس یا اثر و رسوخ استعمال کریں اور پولیس اہلکاروں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کریں تو وہ نہ صرف پولیس کو اس کے اصل مقصد سے ہٹاتے ہیں بلکہ ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد بھی مجروح کرتے ہیں۔

اس لیے سیاسی قیادت کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ پولیس کسی فرد، خاندان یا سیاسی جماعت کی ذاتی فورس نہیں بلکہ ریاست کا ادارہ ہے۔ اسے سیاسی مخالفین کو دبانے، ذاتی دشمنیوں کے تصفیے یا اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے استعمال کرنا دراصل ریاستی ادارے کو کمزور کرنا ہے۔

دوسری طرف پولیس اہلکاروں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاسی دباؤ، لالچ یا دھونس میں آکر قانون اور اپنے منصب کی حدود سے تجاوز نہ کریں۔ وقتی فائدہ شاید کچھ دیر کے لیے حاصل ہو جائے، لیکن اپنے اختیارات کا غلط استعمال نہ صرف کسی دوسرے انسان کے حق کو پامال کرتا ہے بلکہ انسان کے اپنے کردار اور آخرت کے لیے بھی نقصان دہ ہو سکتا ہے۔

حاصلِ بحث یہ ہے کہ پولیس کو عوام کا محافظ بنانا صرف پولیس کی ذمہ داری نہیں؛ اس کے لیے سیاسی قیادت، عدلیہ، انتظامیہ، پولیس افسران اور خود عوام، سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

ہمیں ایسی پولیس چاہیے جسے دیکھ کر مجرم خوف زدہ ہو اور مظلوم کو اطمینان ملے؛ جس کے دروازے پر عام آدمی بے خوف ہو کر دستک دے اور اسے یقین ہو کہ یہاں اس کی بات سنی جائے گی۔ پولیس کو حکمرانوں کی نہیں، قانون اور عوام کی پولیس بنانا ہوگا۔

پولیس میں موجود فرض شناس اور ایماندار افسران و جوان ہمارے لیے قابلِ احترام ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں استقامت، دیانت اور ہمت عطا فرمائے اور جو لوگ سیاسی مفادات کے لیے پولیس اہلکاروں کو استعمال کرتے ہیں، انہیں بھی ہدایت دے کہ وہ اپنے ذاتی مقاصد کے لیے ریاستی اداروں کو کمزور نہ کریں۔ اللہ رب العزت پولیس کے ہر اہلکار کو بھی صبر، حوصلہ، دیانت اور حق پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ وہ اپنے اور اپنے اہلِ خانہ کی دنیا و آخرت سنوارنے کا ذریعہ بنیں۔

آمین یارب العالمین۔

لاہور میں ڈینگی کے خطرات برقرار، 30ہزار سے زائد ہاٹ سپاٹس کی موجودگی کا انکشاف

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 30ہزار سے زائد ڈینگی ہاٹ سپاٹس کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ رواں سال ڈینگی وائرس کے کیسز میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ سمن آباد ٹاؤن، داتا گنج بخش ٹاؤن، راوی ٹاؤن اور واہگہ ٹاؤن میں ڈینگی کی افزائش کے ممکنہ مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ لاہور میں ڈینگی کے کنفرم مریضوں کی تعداد 40 جبکہ پنجاب بھر میں 179 تک پہنچ چکی ہے۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ ڈینگی ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور وائرس کی روک تھام کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عباداتی دعائیہ پروگرام، پنجاب پولیس ہائی الرٹ رہی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے افسران و اہلکاروں نے لاہور سمیت صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عباداتی دعائیہ پروگرام کے دوران ہائی الرٹ رہتے ہوئے سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ قبل ازیں انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے آر پی اوز، ڈی پی اوز اور سینئر پولیس افسران کو گرجا

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 48 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 50ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 12ہزار 300 کیوسک اور اخراج 12ہزار 300 کیوسک، خیرآباد پل آمد 48ہزار 600 کیوسک اور اخراج 48ہزار 600 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7ہزار 300 کیوسک اور اخراج 32ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 15ہزار 100 کیوسک اور اخراج 4ہزار 800 کیوسک رہا۔

لاہور: شہری سنگھ پورہ سبزی منڈی سے خریداری کر رہے ہیں

جنرل منیجر KTWMA زوہیب ممتاز کا قصور ٹینریز ویسٹ مینجمنٹ ایجنسی کا دورہ

ٹینریز کے فضلے کی مؤثر تلفی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں: زوہیب ممتاز

قصور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق اور ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی ہدایات پر جنرل منیجر قصور ٹینریز ویسٹ مینجمنٹ ایجنسی (KTWMA) و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (سوشل سروسز) زوہیب ممتاز نے ادارے کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور انتظامی امور، سٹاف کی حاضری، مشینری کی فعالیت، صنعتی فضلے کی تلفی اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے جاری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران جنرل منیجر نے کروم ریکوری پائلٹ پلانٹ (CRPP) کامن ایفلوئنٹ پری ٹریٹمنٹ پلانٹ (CEPTP)، سالڈ ویسٹ لینڈ فل سائٹ اور پمپنگ سٹیشنز کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایچ آر منیجر شاہجہان، سالڈ ویسٹ منیجر محمد الطاف، لیبارٹری منیجر نثار احمد، شفٹ انجینئر محمد انوار الحق، اکاؤنٹس آفیسر حافظ محمد احمد، بلنگ انچارج سعید اختر، ریکوری انچارج محمد افضال جٹ اور دیگر متعلقہ عملہ بھی موجود تھا۔ انہوں نے مشینری کی عملی حالت، متعلقہ عملے کی کارکردگی اور صنعتی فضلے کو محفوظ انداز میں ٹھکانے لگانے کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے بریفنگ لی۔ اس موقع پر متعلقہ افسران اور عملے نے ادارے کو درپیش انتظامی و فنی مسائل، ان کے ممکنہ حل، ٹینریز میں انفرادی کروم ریکوری پلانٹس کی تنصیب، سالڈ ویسٹ لینڈ فل سائٹ کے انتظامات، بلنگ، نادہندہ ٹینریز سے واجبات کی وصولی اور دیگر اہم امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ جنرل منیجر زوہیب ممتاز نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صنعتی ترقی کے ساتھ ماحول کا تحفظ اور آلودگی کی روک تھام بھی ناگزیر ہے۔



لاہور: پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ٹولنٹن مارکیٹ کو سیل کئے جانے کے باعث دکانیں بند پڑی ہیں

جمہوریت کی مضبوطی، انصاف کی فراہمی کے نظام میں وکلاء کا کلیدی کردار ہے، پنجاب بار کونسل

پولیس کے نارواروئیے کیخلاف شکایات کے تسلسل پر شدید تشویش ہے، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد ہنجرا نے کہا ہے کہ جمہوریت کی مضبوطی اور انصاف کی فراہمی کے نظام میں وکلاء کا کلیدی کردار ہے، وکلاء معاشرے کا سب سے پڑھا لکھا طبقہ ہے، ان کے حقوق کا تحفظ اور فلاح و بہبود پنجاب بار کونسل کی اہم ذمہ داری ہے جس کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ وکلا کو پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ پنجاب بار کے پلیٹ فارم سے وکلاء اور ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود اور انہیں سہولیات کی فراہمی کے لئے بھی متعدد منصوبے شروع کئے گئے ہیں۔ چودھری قیصر نذیر ساہی اور ارشد ہنجرا نے کہا کہ وکلاء کے حقوق، عزت و وقار اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائی جائے گی اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے نارو ا رویے کے خلاف تسلسل سے شکایات موصول ہو رہی ہیں جس پر وکلاء برادری میں شدید تشویش پائی جاتی ہے، وکلاء قانون پر عمل کرنے والا طبقہ ہے اور اس نے ہمیشہ دلائل سے بات کی ہے،

قصور: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تقریبِ حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کر کے تاجر برادری سے خطاب کر رہے ہیں

قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تقریبِ حلف برداری، ڈپٹی

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امداد کے طریق کار کو تبدیل کیا جائے، چیئرمین آصف سلیم

تاجروں کو بلاوجہ ہراساں کرنے یا سرکاری اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے والے عناصر کو برداشت نہیں کیا جائے گا: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا

قصور (11 اکتوبر 2026ء) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ضلع قصور کی معاشی ترقی، صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور تاجر برادری کو کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا نے قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تقریبِ حلف برداری میں خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے قصور میں تعیناتی کے بعد انہیں ضلع کی معیشت کو مستحکم بنانے، صنعت و تجارت کو فروغ دینے اور کاروباری طبقے کے مسائل حل کرنے کا خصوصی ٹاسک سونپا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ کاروباری سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے، سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے اور صنعتی و تجارتی اداروں کے لیے سازگار ماحول یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری منصوبوں سے متعلق پلاننگ اپروولز کی منظوری دو ہفتوں کے اندر یقینی بنانے کے لیے متعلقہ محکمے اپنا کردار ادا کریں، تاکہ غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ اور کاروباری سرگرمیوں کو تیز تر بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انفورسمنٹ کے نام پر کاروبار یا صنعت کو بلاجواز بند کرنے، کاروباری افراد کو ہراساں کرنے یا ان کے ساتھ بدسلوکی کرنے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ تمام متعلقہ ادارے قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے فرائض انجام دیں؛ کسی بھی کارروائی میں قانونی تقاضوں، شفافیت اور کاروباری طبقے کے احترام کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ قانون کی خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی ضرور ہوگی، تاہم کسی کو اختیارات کے ناجائز استعمال کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ محمد آصف رضا نے کہا کہ کاروباری برادری کے مسائل کے فوری حل اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کے لیے خصوصی بزنس فیسلیٹیشن سیل کے قیام کی ضرورت ہے، تاکہ تاجروں اور صنعت کاروں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر رہنمائی اور سہولت میسر آسکے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ای بزنس پورٹل کو کاروباری امور میں آسانی، شفافیت اور آن لائن سہولیات کی فراہمی کی جانب اہم قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس نظام سے بھرپور استفادہ یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر عمران شوکت اور کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری ضلع کی معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور چیمبر کے مابین قریبی رابطہ کاری سے صنعتی پیداوار، کاروباری مواقع اور سرمایہ کاری کے فروغ میں مدد ملے گی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ڈپٹی کمشنر آفس تاجروں کے جائز مسائل کے حل کے لیے ہر وقت دستیاب ہے اور کاروباری طبقے کو بلاوجہ تنگ کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ تقریب میں معروف صنعت کار ایس ایم تنویر نے بھی خصوصی شرکت کی اور قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نومنتخب کابینہ، بالخصوص صدر عمران شوکت، خدیجہ مبارک اور شاہ زیب کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے سابق صدر کاشف کھوکھر اور حاجی اکرم ذکی کی تاجر برادری کے لیے گراں قدر خدمات کو سراہا۔

بلال میر کے بھائی زاہد میر کی نمازِ جنازہ جامعہ اشرفیہ لاہور میں ادا

نمازِ جنازہ مولانا شاہ فیروز عبداللہ میمن نے پڑھائی، مذہبی و عوامی حلقوں کی کثیر تعداد کی شرکت

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے دیرینہ دوست بلال احمد میر کے بھائی زاہد میر کی نماز جنازہ جامعہ اشرفیہ لاہور میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ مولانا شاہ فیروز عبداللہ میمن نے پڑھائی۔ نمازِ جنازہ میں جے یو آئی کے صوبائی و ضلعی قائدین، مذہبی و سماجی شخصیات، جامعہ اشرفیہ کے اساتذہ و طلبہ، جماعتی کارکنان اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نمازِ جنازہ کے بعد جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں اور کارکنان نے بلال میر اور مرحوم کے دیگر اہلِ خانہ و پسماندگان سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زاہد میر مرحوم جماعت کے مخلص، وفادار اور دیرینہ ساتھی تھے۔ ان کی وفات سے اہلِ خانہ اور متعلقین کے ساتھ جماعتی حلقوں میں بھی غم کی فضا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں جمعیت علما اسلام اپنے ساتھی کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی دینی و جماعتی خدمات کو قبول فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

سیالکوٹ: ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ انسپکٹر نعمان احمد بین رکنی گینگ کی گرفتاری پر میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں

تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس کی اہم کارروائی؛ چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ موبائل فونز، لیپ ٹاپس، ایل سی ڈیز اور نقدی برآمد

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس کی اہم کارروائی؛ چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ موبائل فونز، لیپ ٹاپس، ایل سی ڈیز اور نقدی برآمد۔ برآمد شدہ مالِ مسروقہ اصل مالکان کے حوالے؛ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی قیادت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ایس ڈی پی او سرکل ڈسکہ ملک خدا بخش کی زیرِ نگرانی ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ نعمان احمد اور پولیس ٹیم نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق علاقے میں دکانوں کے تالے توڑ کر چوری کی وارداتوں کی شکایات پر ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ پولیس ٹیم نے ملزمان کا سراغ لگا کر دانش رضوان، نصر اللہ اور گل محمد کو گرفتار کیا، جن سے دورانِ تفتیش چوری کے متعدد مقدمات کا سراغ ملا۔ ملزمان کے قبضے سے 2 ایل سی ڈیز، 3 لیپ ٹاپس، 3 آئی فونز، اینڈرائیڈ و سادہ اقسام کے مزید 45 موبائل فونز اور 2 لاکھ 10 ہزار روپے نقدی برآمد کی گئی۔ برآمد شدہ مالِ مسروقہ قانونی تقاضے مکمل کرتے ہوئے اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لانا اولین ترجیح ہے۔ شہریوں کے مسروقہ اثاثوں کی بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

لاہور: دو لڑکیاں موٹر سائیکل پر اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

انکم ٹیکس گوشواروں کی قانونی طور پر آخری تاریخ 30 نومبر مقرر کی جائے، لاہور ٹیکس بار

ریٹرن فارم میں تاخیر کے باعث ٹیکس دہندگان کو 90 روز کی مہلت دی جائے، رانا ثاقب، فاروق گجر

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی قانونی طور پر آخری تاریخ 30 نومبر 2026 مقرر کی جائے، عوام قومی فریضہ سمجھ کر انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائیں اور اپنی آمدن و مالی معاملات کی درست معلومات فراہم کریں۔ لاہور ٹیکس بار کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری چودھری فاروق گجر، نائب صدر میاں عثمان جاوید، جوائنٹ سیکرٹری علی رضا چیمہ اور فنانس سیکرٹری سعد ایوب خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عوام کو ایف بی آر کے جدید انیلی جنس ٹولز سے گھبرانے کی ضرورت نہیں، اپیل ہے کہ عوام اپنی درست معلومات فراہم کریں۔

صدر جمعیت اہلحدیث علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت

لاہور (این این آئی) صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے ریاض ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے کی مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے شہداء کے لیے دعائے مغفرت، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور متاثرہ خاندانوں کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ انہوں نے سعودی عرب کی سلامتی و استحکام اور خطے میں امن و امان کے قیام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے تعلقات اخوت، محبت اور باہمی اعتماد پر قائم ہیں اور مشکل حالات میں یکجہتی کا مظاہرہ دونوں برادر ممالک کے تعلقات کی مضبوطی کا عکاس ہے۔

فوٹو اور ویڈیو جرنلسٹس کی سیاسی احتجاجی مظاہروں کی کوریج میں حقیقت کی تخلیق پر تحقیق

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی سکول آف کمیونیکیشن سٹڈیز نے ایسوسی ایشن فوٹو جرنلسٹس آف لاہور کے تعاون سے شعبہ ابلاغیات میں ایک ریسرچ فوکس گروپ کا انعقاد کیا جس میں فوٹو اور ویڈیو جرنلسٹ کے احتجاجی مظاہروں کے دوران کردار، فریمنگ اور ڈیوٹی کے دوران فیصلوں پر اثر انداز ہونے والے عوامل اور دباؤ پر بات چیت ہوئی۔ سکول کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عابدہ اشرف، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شبیر سرور، ریسرچ اسکالر جویریہ شفیق، صحافی محسن نسیم اور صحافی احسن کامرے موجود تھے جبکہ فوکس گروپ پینل میں شامل تھے:

درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ لائبہ کی لاش درحقیقت ناکام، بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے، سعد رفیق

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ لائبہ کی خودکشی نے ہر ماں اور ہر باپ کا دل چھلنی کر ڈالا ہے، درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ ہونہار مگر بے بس بیٹی لائبہ کی لاش درحقیقت معاشرے کے کمزور طبقات کی بے بسی اور مجرموں کو کڑی سزا سے بچانے والے ناکام اور بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ یہ دراصل ہماری اجتماعی بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے۔

پتنگ بازی کیخلاف کریک ڈاؤن، 28 ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈور برآمد

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر پتنگ بازوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق سٹی پولیس نے 24 گھنٹوں میں پتنگ بازی کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن میں 28 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے پتنگیں اور ڈور برآمد کر لیا۔ اسلامپورہ، انارکلی اور بھاٹی گیٹ سے پتنگ بازی میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، شاہدرہ سے 4 جبکہ شاہدرہ ٹاؤن سے 13 پتنگ باز گرفتار کئے گئے۔

اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں۔ نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کریں گے اور ان کی دستخط شدہ رسید بھی فراہم کریں گے، 50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کر کے بھی قرض دیا جاسکے گا۔ اسٹیٹ بنک کے مطابق بینک ہاؤسنگ فنانس کے لیے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات لیں گے، جائیداد کی دستاویزات وصول کرنے پر صارف کو دستخط شدہ رسید دینا لازمی قرار دیا گیا ہے،

ڈی آئی جی آپریشنز کی آن لائن کھلی کچہری، دیس پردیس کے پاکستانی ایک پلیٹ فارم پر

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز نے آن لائن کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں اندرون و بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کو کرائم کنٹرول ترجیحات سے آگاہ کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کے منشیات فروشی، غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں اور پولیس رویوں پر سوالات کیے۔ فیصل کامران نے کہا کہ پراپرٹی کرائم کے ساتھ منشیات کے خلاف بھی نمایاں کامیابیاں ملی ہیں۔ رواں سال منشیات کے 5 ہزار 980 مقدمات درج کیے گئے ہیں اور 6 ہزار 199 ملزمان گرفتار کیے۔ ملزمان کے قبضہ سے 114 کلو ہیروئن، 732 کلو آئس اور 2 ہزار 262 کلو چرس برآمد کی گئی۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کے چھاپے سے شروع ہونے والا تنازعہ حل نہ ہوسکا

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے چھاپے سے شروع ہونے والا تنازعہ حل نہ ہوسکا، ٹولنٹن مارکیٹ چوتھے روز بھی سیل رہی جس کی وجہ سے برائلر گوشت کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان ہے۔ ایسوسی ایشن کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ ٹولنٹن مارکیٹ تاحال سیل ہے جس کی وجہ سے تاجروں کا کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ مقدمات کے اندراج کی وجہ سے تاجر اور عملہ خوف و ہراس میں مبتلا ہے۔ دوسری جانب ٹولنٹن مارکیٹ سیل ہونے کی وجہ سے زندہ مرغی اور برائلر گوشت کی خرید و فروخت کا سلسلہ معطل ہے اور طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں اضافے کا رجحان ہے۔

گرین فٹنس سٹیکرز کیلئے چھٹی کے روز بھی رش، 15 نومبر سے کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گرین فٹنس سٹیکرز کے حصول کیلئے چھٹی کے روز بھی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگی رہیں، ڈیڈ لائن میں ایک ماہ کی توسیع کے باوجود پی وی سی سنٹرز پر رش برقرار ہے۔ ٹاؤن شپ اور کوئنز روڈ کے پی وی سی سنٹرز سمیت شہر بھر میں قائم 12 مراکز پر گاڑیوں کی ایمیشن ٹیسٹنگ اور فٹنس سرٹیفکیٹس کے اجراء کا عمل جاری ہے۔ حکام کے مطابق سموگ پر قابو پانے کیلئے نجی گاڑیوں کی ایمیشن ٹیسٹنگ لازمی قرار دی گئی ہے جبکہ گاڑی مالکان کو پی وی سی سنٹرز سے فٹنس سٹیکر اور سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہوگا۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ 15 نومبر کے بعد فٹنس ٹیسٹ نہ کروانے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی جائے گی

نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 28 سالہ نوجوان جاں بحق

جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت جیری ولد اظہر مسیح کے نام سے ہوئی

کراچی (رپورٹ: ناصر رضا) سرجانی ٹاؤن میں نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق، شناخت جیری ولد اظہر مسیح کے نام سے ہوئی کراچی (رپورٹ): شہر کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں KDA فلیٹس کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 28 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ چھیپا انفارمیشن بیورو (CIB) کے مطابق، پیر 12 اکتوبر 2026 کو صبح 11 بج کر 50 منٹ پر پیش آنے والے حادثے کی اطلاع موصول ہوئی۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت جیری ولد اظہر مسیح، عمر 28 سال، کے نام سے ہوئی ہے۔ چھیپا ذرائع کے مطابق، حادثے کے بعد چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جاں بحق نوجوان کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا۔ حادثے میں ملوث نامعلوم گاڑی اور ڈرائیور سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

سیالکوٹ اور گردونواح میں زہر بیچنے کا سلسلہ جاری

صحت آئس کریم نے بچوں، خواتین، بزرگوں کو بیمار کرنا شروع کر دیا

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) سیالکوٹ اور گردونواح میں زہر بیچنے کا سلسلہ جاری، مضر صحت آئس کریم نے بچوں، خواتین، بزرگوں کو بیمار کرنا شروع کر دیا، آئس کریم کے نام پر شہریوں میں بیماریوں کے دعوت نامے بانٹے جانے لگے۔ گوجرانوالہ کے مختلف علاقوں میں مضر صحت، غیر معیاری اور ملاوٹی آئس کریم کی بلا روک ٹوک فروخت جاری ہے، جس کے نتیجے میں متعدد بچے، خواتین، بزرگ اور نوجوان بیمار ہونے لگے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آئس کریم فروش حفظان صحت کے اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ کھلے عام گندگی میں تیار کی گئی آئس کریم فروخت کی جا رہی ہے، جس میں نہ معیار کا خیال رکھا جا رہا ہے، نہ صفائی کا۔ بدبودار دودھ، ناقص فلیورز اور کیمیکلز سے تیار شدہ آئس کریم مہنگے داموں بیچی جا رہی ہے۔ متعدد مقامی کلینکس میں فوڈ پوائزننگ، قے، دست اور بخار کے مریضوں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔

لاہور: ایک شخص لوڈر رکشے پر اوورلوڈنگ کئے جا رہا ہے

انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان سیالکوٹ میں عوامی شکایات سنیں گے

اس روز وفاقی محکموں کے خلاف نئی شکایات بھی وصول کی جائیں گی

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ مشتاق احمد اعوان 14 اکتوبر بروز بدھ کو 10 بجے سیالکوٹ میں جناح ہال قلعہ میں ایم ڈی واسا کمیٹی روم میں وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات سنیں گے۔ اس روز رجسٹرڈ شکایات کی سماعت ہوگی۔ بیشتر شکایات گیپکو، سوئی گیس، پاکستان پوسٹ آفس، ایف آئی اے، این سی سی آئی اے، نادرا، سٹیٹ لائف انشورنس، پاکستان بیت المال، ای او بی آئی اور دیگر وفاقی محکمہ جات کے بارے میں ہیں۔ جسکے بارے میں سائلین اور متعلقہ وفاقی محکموں کے افسران کو پیشگی نوٹس بھجوائے جا چکے ہیں۔ اس بارے میں پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا کے ذریعے بھی عوام الناس کو اطلاع دی جا رہی ہے۔ اس روز وفاقی محکموں کے خلاف نئی شکایات بھی وصول کی جائیں گی۔ انچارج ریجنل آفس گوجرانوالہ اسی روز ریڈیو پاکستان ایف ایم 101، سیالکوٹ میں وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی پروگرام بھی کریں گے اور لائیو کالرز کے سوالات کے جواب بھی دیں گے۔

سیالکوٹ: رکن صوبائی اسمبلی رانا عارف اقبال ہرناہ یوم نجات کے سلسلہ میں نکالی گئی ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

رانا عارف اقبال ہرناہ کی قیادت میں شہداء سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری قوم کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) یوم نجات کے سلسلے میں رانا عارف اقبال ہرناہ کی قیادت میں شہداء سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری قوم کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے، پارلیمانی سیکرٹری برائے آثارِ قدیمہ و رکن صوبائی اسمبلی رانا عارف اقبال ہرناہ کی زیرِ صدارت یوم نجات کے سلسلے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور ان کے اہلِ خانہ سے اظہارِ یکجہتی کے لیے مرکزی رابطہ آفس ہرناہ سے دھلے والی چوک تک ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد اور یکجہتی کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر رانا عارف اقبال ہرناہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کے مظلوم عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار مسلسل نشانہ بن رہے ہیں۔ دہشت گردی کے واقعات میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع پوری قوم کے لیے باعثِ تشویش ہے، جبکہ ملک کے امن و استحکام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں قومی سطح پر یکجہتی اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے۔ ان کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں تعاون نہ کرنا اور جاری کارروائیوں کی مخالفت کرنا دہشت گردی کے خاتمے کی کوششوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔

آرگینک گوشت، ڈیری مصنوعات کیلئے خصوصی پیداواری زونز بنائے جائیں نجم مزاری

حکومت ''پاکستان آرگینک اینڈ حلال ایکسپورٹ مشن'' کے نام سے پلیٹ فارم قائم کرے

لاہور (این این آئی) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، عمان، چین، ملائیشیاء اور وسطی ایشیائی ممالک میں پاکستانی گوشت کی بڑھتی ہوئی مانگ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آرگینک گوشت، ڈیری مصنوعات اور دیگر قدرتی غذائی اجناس کی برآمدات کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں، وفاقی حکومت ''پاکستان آرگینک اینڈ حلال ایکسپورٹ مشن'' کے نام سے خصوصی قومی پلیٹ فارم قائم کرے جو آرگینک مصنوعات کی تیاری، بین الاقوامی سرٹیفکیشن، معیار کی جانچ، ٹریس ایبلٹی اور بیرون ملک خریداروں سے روابط کے لیے کام کرے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آرگینک گوشت کی تیاری کے لیے جانوروں کی متوازن قدرتی خوراک، محفوظ ماحول اور عالمی معیار کے مطابق پروسیسنگ پر توجہ دینا ضروری ہے،

پی ایس سی نے گندم کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت فروخت کا اعلان کر دیا

پنجاب کیلئے گندم کے تصدیق شدہ بیج کے 50 کلوگرام تھیلے کی قیمت 7ہزار روپے مقرر

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن نے گندم کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت فروخت کا اعلان کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبہ پنجاب کے لیے گندم کے تصدیق شدہ بیج کے 50 کلوگرام تھیلے کی قیمت 7ہزار روپے جبکہ دیگر صوبوں کے لیے 8ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق پیشگی بکنگ پر فی تھیلا 130 روپے رعایت دی جائے گی۔ مذکورہ نرخ امسال سیزن کے لیے نافذ العمل ہوں گے۔ مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن ڈاکٹر فرحان فاروق نے کہا کہ کسانوں کو چاہیے کہ وہ بہتر پیداوار کے حصول کے لیے معیاری اور تصدیق شدہ بیج کے استعمال کو ترجیح دیں۔ تصدیق شدہ بیج نہ صرف فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کا ذریعہ ہے بلکہ غذائی تحفظ کے لیے بھی بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ گندم پاکستان کی فوڈ سکیورٹی اور معاشی استحکام کی ضامن ہے اس لیے اس کی پیداوار میں اضافے کے لیے جدید زرعی طریقوں اور معیاری بیج کا استعمال ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی،

لاہور: تعطیل کے روز مرکزی شاہراہ مال روڈ سنسان پڑی ہے

بقیہ بقیہ جات 1

گورنر ہاؤس پشاور کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، سیاسی اموراور باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار اور محاذ آرائی کی سیاست کومسترد کردیا ہے،صوبے میں امن وامان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے اورعوام کی ترقی وخوشحالی کے لیے ہر ممکن تعاون اور موثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ ایران اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی ایک طویل تاریخ موجود ہے، دونوں ممالک کے درمیان جوہری معاملے پر بھی تعاون رہا ہے۔ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران ہمیشہ دوست اور شراکت دار ممالک کی معاونت اور حمایت کا خیر مقدم کرتا آیا ہے، ایرانی سرحدوں کو غیر محفوظ بنانے کی کوششوں کے پیچھے امریکا اور اسرائیل ہیں۔اسماعیل بقائی نے کہا کہ کوئی شک نہیں امریکا اور اسرائیل ایران میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، آبنائے ہرمز کی بندش امریکی اور اسرائیلی حملوں کا ردعمل ہے، آبنائے ہرمز کی بندش دفاعی نوعیت کی ہے، دباؤ ڈالنے کے لیے نہیں۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش بین الاقوامی قانون کے مطابق ہے، امریکی بحری ناکہ بندی جاری رہنے تک آبنائے ہرمز میں سکیورٹی کی ضمانت نہیں دے سکتے، حوثی ملیشیا کے سعودی عرب پر حملوں میں اضافے پر گہری تشویش ہے۔انہوں نے کہا کہ ایران فریقین کے درمیان مذاکراتی عمل شروع کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، دو اسلامی ممالک کے درمیان جنگ اور دشمنی جاری رہنا ٹھیک نہیں، تمام فریقین تنازع کا حل مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے تلاش کریں۔

بقیہ بقیہ جات 3

محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا۔اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جا چکا ہے۔اجلاس کومزید بتایا گیا کہ ٹیکسٹائلز، پیکیجڈ پانی، پیکیجڈ جوس اور پیکیجڈ دودھ کے شعبے میں نگرانی کا نظام نصب کیا جارہا ہے اوراس کے لئے آلات کی خریداری مکمل ہو چکی ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ سٹیل، پولٹری اور ٹائرز کے شعبے میں آلات کی خریداری 15 اکتوبر جبکہ جائے، گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور تیل و گھی کیلئے 30 اکتوبر تک خریداری مکمل کر لی جائے گی۔اس طرح ان تمام پیداواری شعبوں میں نگرانی کے نظام کو رواں برس 31 دسمبر تک مکمل فعال کردیا جائے گا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکسٹائل کے شعبے میں جہاں بہت سی صنعتوں نے نگرانی کے نظام کی تنصیب میں مزاحمت کا مظاہرہ کیا وہیں نشاط ملز، الکرم ٹیکسٹائل، الکرم کاٹن ملز، J.K سپننگ ملز، صورتی انٹر پرائز، انٹرلوپ لمیٹڈ، فیصل سپننگ ملز، ابراہیم فائبرز لمیٹڈ، سفائر ٹیکسٹائلز لمیٹڈ اور نشاط چونیاں نے حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے رضا کارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کیا۔وزیر اعظم نے ان صنعتوں کے اس اقدام کی تعریف کی۔وزیر اعظم کو ٹیکس وصولی اور ٹیکس کی استعداد کے مابین فرق پر جائزہ رپورٹ بھی پیش کی گئی جس میں ملک کی ٹیکس استعداد کا تخمینہ پیش کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ تین سال میں حکومتی اقدامات کی بدولت 3.1 ٹریلین روپے کا اضافی ٹیکس اکٹھا کیا گیا جو کہ ٹیکس وصولی میں 40 فیصد اضافہ ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ اضافی ٹیکس انفورسمنٹ اقدامات کی بدولت اکٹھا ہوا۔وزیر اعظم نے ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی شب و روز محنت کی بعد جامع رپورٹ پیش کرنے پر پذیرائی کی اور شیلڈز پیش کیں۔وزیر اعظم نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کی اور پیداواری شعبے کا تفصیلی جائزہ لے کر استعداد کا تخمینہ پیش کرنے والی ٹیم کی پذیرائی کی۔وزیر اعظم نے کہا کہ فیس لیس نظام کے تحت کیمروں کی مدد سے پیداوار کی نگرانی موثر بنائی جارہی ہے، کیمروں پر مشتمل پیداوار کی خودکار نگرانی کا سسٹم نصب کرنے میں رکاوٹیں دور کی جائیں، صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں۔وزیر اعظم نے کہا کہ پیداواری شعبے میں جو کاروبار رضا کارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کر رہے ہیں، ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔وزیر اعظم نے سیمنٹ کے شعبے میں پیداوار کی نگرانی کے نظام کی آڈٹ رپورٹ کی تعریف کی۔وزیر اعظم نے کہا کہ پیداوار کی نگرانی کے نظام کی موثریت کو جانچنے کیلئے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی باقی شعبوں میں بھی اس کا آڈٹ کرے، ٹیکس کی مکمل استعداد کے مطابق ٹیکس کی وصولی عوام کی صحیح معنوں میں خدمت ہے، ٹیکس کی استعداد اور وصول کئے جانے والے ٹیکس کے درمیان فرق پر جامع رپورٹ تشکیل دینے والی ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، ٹیم نے شب وروز محنت کے بعد ملکی ٹیکس استعداد کا بہترین جائزہ پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں گزشتہ سال اپریل سے اب تک تین مرتبہ بہتری آئی ہے، حکومت کا ہدف ملک کو ڈبل بی کیٹیگری میں لانا ہے، حکومت آئندہ دو سے تین سال کے دوران بعض قلیل مدتی بیرونی قرضوں کو طویل میعادی قرضوں میں تبدیل کرنے کی کوشش کرے گی۔بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر بنکاک میں بلوم برگ کو انٹرویو میں وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ پاکستان نے چار سال کے وقفے کے بعد عالمی مالیاتی منڈیوں سے کامیابی کے ساتھ رجوع کیا ہے، حال ہی میں جاری کیے گئے تین ارب ڈالر کے یورو بانڈز کیلئے سرمایہ کاروں کی جانب سے مجموعی طور پر چھ ارب ڈالر کی پیشکشیں موصول ہوئیں، جو جاری کردہ بانڈز کی مالیت سے دوگنا زیادہ ہیں، زیادہ تر سرمایہ کار یورپ اور امریکا سے تعلق رکھتے تھے جبکہ ایشیائی اور مشرق وسطیٰ کے سرمایہ کاروں نے بھی اس میں حصہ لیا

بقیہ بقیہ جات 5

کیا۔انہوں نے کہا کہ جعلی لیڈر شپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج!، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا۔ان کا کہنا تھا کہ جس صوبائی حکومت کے زیر سایہ دہشتگرد محفوظ ہوں، پولیس نہتی اور عوام کو ان کے رحم وکرم پہ چھوڑ دیا جائے وہاں ایمرجنسی ہی ہوتی ہے، جو وزیر اعلیٰ قومی ترانے اور جھنڈے کے احترام سے عاری ہو، وہ قابل نفرت ہوتے ہیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے 13 سال میں اس صوبے کو کیا دیا؟ پی ٹی آئی حکومت نے کے پی کے عوام کے ساتھ کیا سلوک کیا یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

مطابق صوبے میں جان لیوا ٹریفک حادثات میں 35 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ غیر مہلک حادثات میں بھی نمایاں کمی سامنے آئی ہے۔ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق مجموعی طور پر ہونے والے 76 فیصد جان لیوا حادثات میں ڈرائیوروں کی غفلت شامل رہی۔تیز رفتاری اور غلط اوورٹیکنگ حادثات کی بڑی وجوہات میں شامل رہیں۔اعداد و شمار کے مطابق پنجاب میں رجسٹرڈ گاڑیوں میں موٹر سائیکلوں کا تناسب 84 فیصد ہے جبکہ 2026ء کے پہلے 9 ماہ کے دوران 39 فیصد ٹریفک حادثات موٹر سائیکلوں سے متعلق تھے۔ٹریکٹر ٹرالیوں سے متعلق حادثات کی شرح 10 فیصد ریکارڈ کی گئی، جبکہ ٹرکوں اور بسوں کے باعث 14 فیصد ٹریفک حادثات پیش آئے۔چنگ چی اور لوڈر رکشے بھی حادثات کا سبب بننے والی گاڑیوں میں شامل رہے، جن کا تناسب 6 فیصد بتایا گیا ہے۔ترجمان کے مطابق جنوری 2026ء سے اب تک 67لاکھ سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے جاچکے ہیں جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر ڈیڑھ کروڑ سے زائد چالان کیے گئے ہیں۔ٹریفک پولیس پنجاب کا کہنا ہے کہ ٹریفک حادثات میں مزید کمی لانے، شہریوں کی جانوں کے تحفظ اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 7

نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ میں ردوبدل کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع ایف بی آر کے مطابق ٹیکس فائلرز کی ملک بھر میں موجود جائیدادوں اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا دستیاب ہے، جس کی مدد سے انکم ٹیکس گوشواروں میں ظاہر کی گئی معلومات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ذرائع کے مطابق ایف بی آر انکم ٹیکس گوشواروں کا اپنے ڈیٹا سے خودکار نظام کے تحت موازنہ کرے گا، جبکہ معلومات کی تصدیق اور ممکنہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلی جنس) سے بھی مدد حاصل کی جائے گی۔ذرائع کے مطابق گوشواروں میں اثاثے چھپانے یا ریکارڈ میں ردوبدل کرنے پر سخت جرمانے عائد کئے جاسکتے ہیں، تنخواہ دار طبقے کی جانب سے انکم ٹیکس گوشوارہ غلط پر کرنے پر تنخواہ کے 75 فیصد تک جرمانہ عائد ہونے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ذرائع ایف بی آر کے مطابق جرمانہ مقررہ وقت پر جمع نہ کرانے کی صورت میں یومیہ ایک ہزار روپے اضافی جرمانہ بھی عائد ہوسکتا ہے۔ذرائع کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطیوں کی تصحیح کیلئے 15 اکتوبر سے پہلے درستگی کرانے کی گنجائش موجود ہے، ٹیکس فائلرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے گوشواروں میں درج معلومات، آمدن اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لے کر کسی بھی غلطی کی بروقت تصحیح یقینی بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے لیے علاقائی سطح پر مل کر کام کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ دریاؤں ومشترکہ خطرات کے حوالے سے وسیع تر بین الاقوامی تعاون ضروری ہے،قومی اور بین الاقوامی تنظیمیں آفات سے نمٹنے کی پیشگی تیاری کو اپنے کام کا بنیادی جزو بنائیں ، پاکستان موسمیاتی آفات کے خلاف جدوجہد میں محض متاثرہ ملک نہیں بلکہ ایک رہنما ملک بن سکتا ہے۔انہوں نے یہ بات قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہی جو ہر سال 13 اکتوبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ آج ہم ایک ایسے دن کو منا رہے ہیں جو پاکستان کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے، ہم سیلابوں، زلزلوں، شدید گرمی کی لہروں اور خشک سالی سے گزرے ہیں، ہم آفات کے باعث زندگیوں، گھروں اور امیدوں کو پہنچنے والے نقصانات کی قیمت جانتے ہیں، ہم نے سیکھا ہے کہ ہمیں محض ردعمل کا مظاہرہ نہیں بلکہ پہلے سے تیاری کرنی چاہیے،طویل عرصہ تک ہم آفات آنے کے منتظر اور پھر مدد کے لیے دوڑتے رہے ، اب یہ کافی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قدرتی آفات سے نمٹنے کے قومی نظام نے خطرات کی پیشگی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت، سیٹلائٹس اور حقیقی وقت کے اعداد و شمار کو بروئے کار لاتے ہوئے قابل ذکر کام کیا ہے، یہ نظام آبادیوں کو قبل از وقت انتباہ جاری کرتا ہے اور پانی کی سطح بلند ہونے سے پہلے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے میں مدد دیتا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ مقامی آبادیاں اور مقامی حکومتیں آفات کے خلاف ہماری پہلی دفاعی صف ہیں، کوئی وفاقی دفتر کسی گاؤں کو اس کے اپنے لوگوں سے زیادہ تیزی سے نہیں بچا سکتا۔انہوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ اور کمیونٹی کے رضا کار اکثر سب سے پہلے امدادی کارروائیوں میں حصہ لیتے ہیں کیونکہ وہ اپنے علاقے اور وہاں کے لوگوں سے واقف ہوتے ہیں

بقیہ بقیہ جات 9

کو بھی عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ایڈووکیٹ جنرل آفس کے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل شاہ فیصل الیاس نے صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگائے جانے کے اقدام پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے پہلے ہی استعفیٰ دے دیا تھا۔صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ گزشتہ روز کیا گیا جس کے بعد صدر مملکت نے وزیر اعظم کی ایڈوائس پر آئین پاکستان کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دی تھی۔اس اقدام کے فوری بعد وفاقی حکومت نے صوبے کے انتظامی ڈھانچے میں متعدد تبدیلیاں کیں۔وفاقی حکومت نے چیف سیکرٹری کے پی شہاب علی شاہ کو عہدے سے ہٹا کر گریڈ 22 کے افسر ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو نیا چیف سیکریٹری مقرر کیا، اس کے علاوہ صوبے میں بیوروکریسی اور پولیس افسران کے تبادلے اور تعیناتیاں بھی کی گئیں۔وفاقی حکومت نے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت صوبے میں پاک فوج کی تعیناتی کا حکم نامہ بھی جاری کیا، فوج سول انتظامیہ کی معاونت، شہریوں کی جان و مال اور سرکاری تنصیبات کے تحفظ کے لیے تعینات کی جائے گی

بقیہ بقیہ جات 10

غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید مؤثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی کے مقامات پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی، اس کے علاوہ غیر ملکی شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی آڈٹ اور خطرات کا جائزہ (تھریٹ اسیسمنٹ)لازمی طور پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔آئی جی پولیس نے چیک پوسٹوں پر نگرانی سخت کرنے اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (نیکٹا) کے ضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی، اجلاس میں غیر ملکی شہریوں کی نقل و حرکت کے حوالے سے پیشگی اطلاع دینا بھی لازمی قرار دیا گیا۔حکام کو ہدایت کی گئی کہ سکیورٹی سے متعلق تمام قانونی تقاضوں اور طے شدہ شرائط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ این او سی منسوخ کرنے سمیت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے واضح کیا کہ غیر ملکی شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

فارم ایلس پر ایک پیغام میں صدر مملکت نے پاکستان اور دنیا بھر میں آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک اور آغا خان فاؤنڈیشن کی صحت، تعلیم، خواتین کو با اختیار بنانے اور پائیدار ذرائع معاش کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو سراہا۔صدر مملکت نے پرنس رحیم آغا خان کی اچھی صحت اور لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے ان کی کوششوں میں مسلسل کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

سے مشکل کام سیکیورٹی اہلکاروں نے کیا ہے، جنہیں وہ بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت کو خود قیادت کرنا ہوگی۔یہ جنگ صرف بیانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے جیتی جا سکتی ہے۔کسی بھی جنگ میں وسائل کے ساتھ مقامی حکومت کی مؤثر قیادت بھی ضروری ہے۔سابق صوبائی حکومت نے دہشت گردی کیخلاف جنگ کی قیادت نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں یہی سیکیورٹی فورسز بہتر نتائج دے سکتی ہیں، فرق صرف حکومتی قیادت کا ہوگا۔حکومت قیادت کرے گی تو سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف زیادہ مؤثر انداز میں کام کرسکیں گی۔مشکل وقت آسکتا ہے، تاہم سب کو مل کر حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت، صوبائی انتظامیہ، پولیس اور سکیورٹی فورسز مل کر کام کریں گی۔مشیروں اور حکومتی عہدیداروں کو گھبرانے کے بجائے متحد ہو کر چیلنجز کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ایک دن میں حالات تبدیل نہیں ہوں گے، بہتری کے لیے مسلسل اقدامات کرنا ہوں گے۔وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے پیر کے روز اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کی مکمل حمایت کرے گی اور صوبے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔گورنر ہاؤس پشاور ترجمان کے مطابق وہ یہاں گورنر ہاؤس میں منعقدہ صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس کی صدارت انہوں نے خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کے ہمراہ مشترکہ طور پر کی۔وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے میں دہشت گردی کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے اور امن وامان برقرار رکھنے کے لیے خیبر پختونخوا پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی استعداد کار بڑھانے کی خاطر ہر ممکن تعاون کرے گی، جس میں ضروری وسائل اور ساز وسامان کی فراہمی بھی شامل ہے۔انہوں نے مادرِ وطن کے تحفظ کے لیے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران عظیم قربانیاں دینے پر خیبر پختونخوا پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس فورس نے سنگین سکیورٹی چیلنجز کے باوجود مثالی جرات اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔سید محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کا حصول اس وقت زیادہ مؤثر طریقے سے ممکن ہے جب صوبائی حکومت ٹھوس، مربوط اور مسلسل کوششوں کے ذریعے اس لعنت کا مقابلہ کرنے میں قیادت کرے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ گزشتہ حکومت کی دہشت گردی کے خلاف کمزور اور غیر مؤثر حکمت عملی کے باعث گزشتہ ڈھائی سالوں کے دوران خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی صورتحال خراب ہوئی ہے،انہوں نے زور دیا کہ امن وامان برقرار رکھنے سے متعلق آئینی ذمہ داریوں اور فرائض کو مؤثر طریقے سے پورا کرنے کی ضرورت ہے۔وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی اور خیبر پختونخوا حکومتیں اب دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک ہی صفحے پر ہیں اور صوبے میں دیرپا امن کی بحالی کے لیے مل کر کام کریں گی۔انہوں نے مشاورتی کونسل کے ارکان سمیت تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ مشکل حالات میں ثابت قدم رہیں اور جرات کا مظاہرہ کریں، اور کہا کہ ہم درست راستے پر گامزن ہیں اور کامیاب ہوں گے

بقیہ بقیہ جات 13

میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسف زئی نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو مسترد کردیا۔انہوں نے کہا کہ عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ عوام کے بھاری مینڈیٹ سے قائم ہونے والی حکومت کا متبادل کوئی راج نہیں ہے۔شوکت یوسف زئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کیا ہے۔حکومت نے مولانا فضل الرحمن کے ساتھ کمٹمنٹ کر کے دھوکا دیا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ تحریک انصاف نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے ہم اپنے آئینی وقانونی جائز حقوق کے لیے پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔پی ٹی آئی رہنما نے مطالبہ کیا کہ حکومت وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی اور صوبائی صدر جنید اکبر سمیت تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو فوری رہا کرے۔موجودہ کشیدگی کے دوران مذاکرات کے ذریعے معاملات طے ہو سکتے تھے لیکن حکومت نے اس ضمن میں انتہائی جلد بازی کا مظاہرہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

اہل خانہ کو گھر پر طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی، اس پروگرام کو مارچ 2027 تک پنجاب کے مزید 12 اضلاع اور شہروں تک توسیع دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اعلامیے کے مطابق گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، رحیم یارخان اور راولپنڈی میں بھی سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام شروع کیا جائے گا۔افتتاح کے موقع پر مریم نواز شریف نے سوشل سکیورٹی موبائل ہسپتال، موبائل ڈینٹل ہسپتال اور موبائل ہیلتھ بائیکس کا معائنہ کیا، انہوں نے موبائل بائیکس پر موجود ادویات اور طبی آلات کے بارے میں بریفنگ لی اور ایک ڈیوائس کے ذریعے اپنا درجہ حرارت بھی چیک کیا۔وزیر اعلیٰ کو وزیر محنت مسعود اللہ بٹ اور سیکرٹری دانش افضال نے موبائل ہیلتھ پروگرام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، اس موقع پر انہوں نے موبائل ہسپتالوں کے ڈاکٹروں اور عملے سے بھی ملاقات کی۔مریم نواز شریف نے نواز شریف سوشل سکیورٹی ہسپتال کے آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ (او پی ڈی) اور رحمۃ للعالمین کارڈیک سینٹر کا دورہ بھی کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی، انہوں نے کارڈیالوجی وارڈ میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی اور مریضہ کی تیمارداری کرنے والی بیٹی کو سراہا۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ صوبے کے 24 سوشل سکیورٹی ہسپتالوں میں ایک کروڑ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو علاج اور ادویات کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن (پی ای ایس ایس آئی) کے تحت 250 میڈیکل آؤٹ لیٹس کے ذریعے بھی محنت کشوں کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ موبائل ہیلتھ پروگرام کے ذریعے پہلی مرتبہ محنت کشوں کو ان کی کام کی جگہوں پر اور اہل خانہ کو گھر کی دہلیز پر طبی سہولیات میسر آئیں گی، اس اقدام سے بیماریوں کی بروقت تشخیص اور علاج میں مدد ملے گی، جبکہ ہسپتالوں پر مریضوں کا دباؤ بھی کم ہو گا۔انہوں نے کہا کہ فیکٹری، تجارتی یا صنعتی یونٹ جہاں بھی محنت کش موجود ہوں گے، وہاں سوشل سکیورٹی کے موبائل ہیلتھ یونٹس طبی سہولیات فراہم کریں گے، پروگرام کا بنیادی مقصد رجسٹرڈ محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ تک معیاری طبی سہولیات پہنچانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ملاقات ہوئی۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق وچوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال اور دفاع وسلامتی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق دونوں فریقوں کا پاکستان اور برازیل کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار، عسکری تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل کا برازیل کے ساتھ دفاعی تعلقات مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا، معزز مہمان نے پاک افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق معزز مہمان کا علاقائی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی مسلح افواج کی خدمات کا اعتراف کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق دورہ پاکستان اور برازیل کے درمیان دفاعی تعاون کو وسعت دینے اور دوطرفہ عسکری تعلقات مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

تربیت افسران نے بھرپور شرکت کی۔اس موقع پر ضلعی ایمرجنسی آفیسر رضوان احمد چوہدری نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے زندگی بچانے والی بنیادی مہارتوں کو سیکھنے کی اہمیت و ضرورت پر روشنی ڈالی۔انہوں نے شرکا کو مصنوعی طریقے سے دل کی دھڑکن اور سانس بحال کرنے (سی پی آر) کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی۔تربیتی کلاس میں ایمرجنسی آفیسر عنایت خان بلوچ اور محمد اعظم کے علاوہ دیگر کمیونٹی انسٹرکٹرز نے بھی معاونت کی۔شرکا کو بہتے ہوئے خون کو روکنے، فریکچر کو سنبھالنے اور سی پی آر کی عملی تربیت دی گئی۔تقریب کے اختتام پر موٹر بائیک ایمبولینس سٹاف نے روڈ ٹریفک کریش کے مریض کو موقع پر طبی امداد فراہم کرنے کا عملی مظاہرہ پیش کیا جسے شرکا نے سراہا

بقیہ بقیہ جات 17

اوران کے اہلخانہ کے مسائل سنے اورفوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔تفصیلات کے مطابق، شہید کانسٹیبل امتیاز حسین کی والدہ کی مالی امداد سے متعلق درخواست پر آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو معاملہ زیر غور لانے کی ہدایت کی۔ریٹائرڈ انسپکٹر فلک شیر کی پروموشن کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔سب انسپکٹر طارق محمود کی قانونی کارروائی سے متعلق درخواست پر ڈی پی او شیخوپورہ کو ضروری کارروائی کی ہدایت کی گئی۔سکیورٹی کانسٹیبل فواد مشتاق کی طبی مالی امداد سے متعلق درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ہدایات جاری کی گئیں۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن، ویلفیئر سے متعلق دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

بقیہ بقیہ جات 18

آسان فیصلہ نہیں تھا، حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا تھا، دھرنوں اور احتجاج کے باعث معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے، قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے دن رات کوشاں ہیں ، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں، عالمی برادری دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہماری قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے اس فتنے کے خلاف پاکستان کی مدد کرے۔

بقیہ بقیہ جات 19

کو معطل کر دیا ۔ذرائع کے مطابق ریلوے کے 200 سے زائد کوارٹرز کی مبینہ جعلی الاٹمنٹ کے ذریعے بھاری رشوت وصول کی گئی۔اسکینڈل کا سراغ ریلوے کے شعبہ ویجیلنس سیل نے لگایا، جہاں متعلقہ افسران کے جعلی دستخطوں سے بوگس الاٹمنٹ لیٹر جاری کیے جانے کا انکشاف ہوا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ریلوے کوارٹرز کی جعلی الاٹمنٹ کے معاملے میں بعض ملازمین کے خلاف ریلوے پولیس میں مقدمہ بھی درج ہے۔اسکینڈل سامنے آنے کے بعد حکام نے کارروائی کرتے ہوئے 16 ملازمین کو معطل کر دیا ہے۔معطل کیے جانے والے ملازمین میں زاہد منظور، عادل شہزاد، کلیم اصغر، رفاقت، راشد رشید، غلام تبسم، ضیغم ڈار، وکیل اعوان، ذیشان شاہد، حافظ شفیق، کاشف بٹ، توقیر حسین، مبارک، محمد نذر، کاشف اور ضیغم شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق معطل ملازمین کا تعلق ریلوے ہیڈکوارٹرز، مغلپورہ ورکشاپ اور ریلوے لاہور ڈویژن سے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

اور انڈسٹری کے مؤثر اشتراک سے جدید آئی ٹی ایکو سسٹم کا مرکز بنایا جائے۔وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ دانش آئی ٹی پارک میں عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کی شراکت داری سے آپریشنز شروع کیے جائیں اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کے منصوبے کا جامع کیس سٹڈی کرے، دانش آئی ٹی پارک منصوبے کا تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کرایا جائے۔اجلاس کو آئی ٹی برآمدات میں اضافے اور اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے جامع ایکو سسٹم کی تشکیل پر بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) کے تحت 50 نجی عمارتوں کو سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس میں اپ گریڈ کیا جا چکا ہے اور ملک میں اسٹارٹ اپس کی معاونت کے لیے 8 انکیوبیشن سینٹرز قائم کئے جا چکے ہیں جبکہ آئی ٹی پروفیشنلز کو سہولیات کی فراہمی کے لیے 105 کو ورکنگ سپیسز فعال ہیں۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد میں آپریشنز کے لیے عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔اجلاس میں وفاقی وزراء مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 21

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ معیشت کی مضبوطی اور استحکام کے لئے کاروباری افراد کو سازگار ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔کاروبار کی ترقی سے ہی ملکی معیشت کا پہیہ چلتا ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے کئی لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

شعبے اور عوام کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔کھیلوں میں نیا ٹیلنٹ سامنے لانے کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، سپورٹس کے بڑے ایونٹس کروائے جا رہے ہیں۔صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں ماحولیاتی تحفظ اور آلودگی پر قابو پانے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صاف اور سرسبز پنجاب کا قیام حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے سرکاری اقدامات کے ساتھ ساتھ عوامی تعاون اور ذمہ دارانہ طرز عمل بھی ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کا فرض ہے۔کوئی بھی حکومت تنہا ماحولیاتی تبدیلی جیسے وسیع اور پیچیدہ چیلنج پر قابو نہیں پا سکتی، اس لیے سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں، کاروباری طبقے اور عام شہریوں کو ماحولیاتی بہتری کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ یونیورسٹیوں میں ماحولیاتی تبدیلی اور موسمیاتی تحفظ کے موضوعات پر خصوصی لیکچرز، سیمینارز اور آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد ایک مثبت اقدام ہے۔تعلیمی ادارے نہ صرف نوجوان نسل میں ماحولیاتی شعور اجاگر کر سکتے ہیں بلکہ تحقیق، جدید سائنسی طریقوں اور عملی منصوبوں کے ذریعے ماحولیاتی مسائل کے حل میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے اور اسے ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات، فضائی آلودگی، پانی کے تحفظ، شجر کاری اور قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے حوالے سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ ماضی میں سموگ اور ماحولیاتی آلودگی جیسے مسائل پر مطلوبہ توجہ نہیں دی گئی، تاہم مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ماحولیاتی تبدیلی اور موسمیاتی تحفظ کے معاملات کو سنجیدگی سے لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے مستقل بنیادوں پر منصوبہ بندی، مؤثر اقدامات اور عوامی آگاہی کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ شہریوں کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ سموگ اور فضائی آلودگی پر قابو پانے کے لیے حکومتی اقدامات کے ساتھ شہریوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ماحولیاتی قوانین اور حفاظتی ضوابط پر عمل درآمد، غیر ضروری آلودگی میں کمی، صفائی کا خیال رکھنے اور ماحول دوست عادات اپنانے سے ان مسائل کے اثرات کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کے لیے نوجوانوں، اساتذہ، محققین اور سماجی تنظیموں کی تجاویز اور عملی شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے تاہم یونیورسٹیوں میں ہونے والی تحقیق اور علمی سرگرمیوں کو معاشرتی ضروریات سے منسلک کر کے ماحولیاتی مسائل کے مؤثر اور پائیدار حل تلاش کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

احسن مختار، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز رائے رشد، شعبہ تعلیم سے وابستہ شخصیات، اور سینکڑوں مقامی افراد کی شرکت۔سٹیج سیکرٹری کے فرائض پرنسپل ڈگری کالج سانگلہ ہل پروفیسر ڈاکٹر قاسم محمود وینس نے سرانجام دیئے ۔ایم پی اے رانا ارشد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وار برٹن میں بوائز کالج کا قیام علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرے گا، وار برٹن میں کالج کا قیام مقامی طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا،

بقیہ بقیہ جات 24

نے کہا کہ حکومت دہشت گردی کے خلاف اقدامات کی آڑ میں سیاسی مخالفین کو دیوار سے لگانے اور سیاسی اختلافات کو دبانے کا سلسلہ بند کرے۔دہشت گردی ایک سنگین قومی مسئلہ ہے، جس کے خاتمے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینا اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا ضروری ہے، نہ کہ سیاسی محاذ آرائی کو ہوا دینا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی مشکلات، بدامنی اور دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ایسے حالات میں ملک کسی بھی قسم کے داخلی انتشار، افراتفری اور سیاسی تصادم کا متحمل نہیں ہوسکتا۔حکمران ہوش کے ناخن لیں، آئین وقانون کی بالادستی یقینی بنائیں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو جمہوری نظام کو کمزور کرنے کا سبب بنیں۔امیر جماعت اسلامی پنجاب نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ کا احترام، سیاسی رواداری اور قومی مفاہمت ہی ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا راستہ ہیں

بقیہ بقیہ جات 25

نصب کرنے کی تجویز دی گئی تھی، جن میں سے 691 نصب کیے جا چکے ہیں، لاہور اور راولپنڈی ڈویژن کے ہسپتالوں میں فائر ہائیڈرنٹس کی تنصیب 100 فیصد مکمل کر لی گئی ہے جبکہ فیصل آباد میں 89 میں سے 86 اور بہاولپور میں 69 میں سے 61 ہائیڈرنٹس نصب کیے گئے ہیں۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز کی تعیناتی میں بھی اضافہ ہوا ہے، پہلے 157 ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز تعینات تھے، جن کی تعداد بڑھ کر 225 ہوگئی ہے، اسی طرح 56 ٹرشری ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز کی تعداد 29 سے بڑھا کر 44 کردی گئی ہے۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب کے 212 ہسپتالوں کو تجاوزات سے پاک کر دیا گیا ہے جبکہ فائر ایکسٹنگوشرز کی دستیابی 233 سے بڑھ کر 238 ہسپتالوں تک پہنچ گئی ہے۔اسی طرح فرسٹ ایڈ باکسز اور فائر اسکیپ ماسکس کی دستیابی میں بھی بہتری آئی ہے، پہلے 149 ہسپتالوں میں یہ سہولیات دستیاب تھیں، جن کی تعداد اب بڑھ کر 216 ہو گئی ہے۔رپورٹ کے مطابق دوسرے فائر سیفٹی آڈٹ میں تمام 7 حفاظتی پیمانوں پر بہتری سامنے آئی ہے، تاہم ہسپتالوں میں فائر سیفٹی کے مزید اقدامات اور حفاظتی انتظامات کو موثر بنانا اہم قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کیا ہے۔پیر کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے شہدا کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں، پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے

بقیہ بقیہ جات 27

گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ترجمان گورنر ہاؤس پشاور کے مطابق ملاقات میں صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنر فیصل کریم کنڈی نے ثمر ہارون بلور کو مشیر اطلاعات کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے موثر کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 28

ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔شعبہ اطلاعات جماعت اسلامی کے مطابق ملاقات سے قبل دونوں جانب کی مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کا بھی امکان ہے۔مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس میں پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے واضح ایجنڈے اور نکات پر بات ہوگی تاکہ شہباز شریف اور حافظ نعیم الرحمن ملاقات میں عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے پیش رفت ہو سکے۔لیاقت بلوچ نے اس موقع پر کہا کہ پٹرولیم لیوی کی صورت میں عوام سے وصول کیے جانے والے بھتے کا خاتمہ ہی حقیقی ریلیف ہوگا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی درخواست پر جماعت اسلامی نے سپر لانگ مارچ میں عارضی وقفہ کیا تھا، تاہم عوام کو ریلیف دلانے کے لیے تحریک جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف ملک بھر میں جلسے اور دستخطی مہم بھی جاری ہے۔جماعت اسلامی اس وقت تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی جب تک عوام کے لیے بڑا ریلیف پیکج حاصل نہیں کرلیا جاتا۔لیاقت بلوچ نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کا بنیادی مطالبہ پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ہے اور مذاکرات میں اس حوالے سے واضح پیش رفت ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر کا مجموعی حجم 157.14 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق ستمبر 2026 کے اختتام تک روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے سمندر پار پاکستانیوں کی مجموعی ترسیلات زر 157.14 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔ستمبر کے دوران سمندر پار پاکستانیوں نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے مجموعی طور پر 251 ملین ڈالر کا زرمبادلہ ملک ارسال کیا۔سٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے سمندر پار پاکستانیوں کی پاکستان میں مجموعی سرمایہ کاری 268.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔اس میں نیا پاکستان روایتی سرٹیفکیٹس میں 740 ملین ڈالر، اسلامی نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں 375.1 ارب ڈالر جبکہ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں 153 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری شامل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

مشتمل سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے 9 جون 2026 کو سنیارٹی سے متعلق نظرثانی درخواستوں پر فیصلہ جاری کیا۔عدالت نے تفصیلی تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ سندھ پولیس کے سب انسپکٹرز کی 2015 کی سنیارٹی لسٹ میں 2020 کے دوران تبدیلی کرتے وقت متاثرہ افسران کو سماعت کا موقع نہیں دیا گیا جو اصولِ سماعت، قانونی طریقہ کار اور آئین کے آرٹیکل 10 اے میں دیے گئے منصفانہ ٹرائل اور قانونی عمل کے تقاضوں کے منافی ہے۔فیصلے کے مطابق سنیارٹی ملازم کا اہم حق ہے جس کا اس کی پیشہ ورانہ ترقی اور مستقبل کے امکانات سے گہرا تعلق ہے، کسی ملازم کی سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے متعلقہ حکام پر لازم ہے کہ وہ متاثرہ ملازمین کو سنیں اور ان کے اعتراضات کا جائزہ لینے کے بعد وجوہات پر مبنی حکم جاری کریں۔درخواست گزاروں کا موقف تھا کہ انہیں 28 اپریل 2015 کی سنیارٹی لسٹ میں مناسب مقام دیا گیا تھا تاہم بعد ازاں 18 نومبر 2020 کو ان کی سنیارٹی تبدیل کر کے انہیں اپنے ساتھیوں سے جونیئر قرار دے دیا گیا جبکہ انہیں نہ کوئی شوکاز نوٹس جاری کیا گیا اور نہ ہی اپنا مقف پیش کرنے کا موقع دیا گیا۔عدالت نے قرار دیا کہ متاثرہ ملازم کو سنے بغیر انتظامی کارروائی کے ذریعے اس کی سنیارٹی ختم یا تبدیل کرنا قانونی تقاضوں کے منافی ہے، اگر سابقہ سنیارٹی سروس قواعد کے مطابق مقرر نہیں کی گئی تھی تب بھی متعلقہ ملازم کو اپنا دفاع پیش کرنے کا منصفانہ موقع دینا ضروری ہے۔سپریم کورٹ نے 4 اپریل 2024 کا اپنا سابقہ حکم واپس لیتے ہوئے متعلقہ سول درخواستیں بحال کر دیں اور انہیں اپیلوں میں تبدیل کر کے جزوی طور پر منظور کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کر دی۔سارہ ایڈمز نے بتایا کہ پکتیکا اور کنڑ میں تین اہم مراکز پر پاک فوج کی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 19 دہشتگرد ہلاک اور 11 سے زائد زخمی ہوئے، ستمبر 21 کو پاکستان کے درست فضائی حملوں میں مشرقی افغانستان میں دہشت گردوں کے مضبوط ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔دی پالیسی ڈائجسٹ کے مطابق ان حملوں میں خودکش بمباروں کا تربیتی کیمپ، سہولت کاری کا مرکز اور فتنہ الخوارج و داعش کا مشترکہ مرکز بھی تباہ ہوا۔بین الاقوامی تحقیقات میں افغانستان میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں اور ان پر حملوں میں ہلاکتوں کی تصدیق پاکستانی مؤقف کی تائید ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کی پارلیمان سے توثیق کرائی جائے گی، صوبے میں ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور ہٹ دھرمی اور دہشت گردی کے خلاف تعاون نہ کرنے کے باعث کرنا پڑا۔وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے اپوزیشن کو پیشکش کی کہ وہ اپنی آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) میں حکومتی نمائندوں کو بھی مدعو کرے، حکومت دہشت گردی کے واقعات اور شہدا کے حوالے سے مکمل ڈیٹا اپوزیشن کے سامنے رکھے گی تاکہ صورت حال اور کیے جانے والے اقدامات سے متعلق حقائق پیش کیے جاسکیں۔طارق فضل چودھری نے کہا کہ حکومت نے تحریک انصاف سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون مانگا تھا تاہم ان کے بقول اپوزیشن نے تعاون کرنے کے بجائے سیاسی سرگرمیوں کو ترجیح دی، وفاقی حکومت کو انسداد دہشت گردی کے اقدامات میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا جس کے باعث یہ فیصلہ کرنا ضروری ہوگیا تھا۔انہوں نے کہا کہ کے مطابق خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورت حال بہتر بنانے کے لیے 12 اضلاع میں خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں کو کلیئر کرنے کے بعد سول انتظامیہ کے حوالے کیا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 33

کھلے رہے، سڑکوں پر ٹریفک کا رش معمول سے کم رہا۔وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں وفاقی کابینہ نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دی تھی۔اعلامیے میں کہا گیا کہ خیبر پختون خوا میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 دونوں کا نفاذ ہوگا، جس کے تحت گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی ہے۔ایوانِ صدر سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختون خوا میں کی سلامتی کی صورتِ حال پر وزیرِ اعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر دستخط کیے۔

بقیہ بقیہ جات 34

حصہ بن کر مستنصر حسین تارڑ کی ادبی شخصیت اور خدمات کو سراہا۔تقریب کا آغاز ڈاکٹر شائستہ حسن نے مستنصر حسین تارڑ کی شخصیت، ادبی سفر، تصانیف اور اردو ادب میں ان کے منفرد مقام کے جامع تعارف سے کیا۔انہوں نے ان کی تحریروں کے نمایاں پہلوؤں اور سفرنامہ نگاری میں ان کے اسلوب پر روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین کو ان کے تخلیقی کام کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ڈاکٹر شائستہ حسن نے تقریب کے انعقاد پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا محمد نواز گوندل کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا۔مستنصر حسین تارڑ نے معروف دانشور، قانون دان اور ادیب ڈاکٹر اسامہ صدیق کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے اپنے ادبی سفر، زندگی کے تجربات، مشاہدات اور تخلیقی عمل کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کیا۔گفتگو میں ان کے ادبی تجربات، سفرنامہ نگاری اور انسانی زندگی، تہذیب و ثقافت کو تحریر میں سمودینے کے منفرد انداز پر بات کی گئی۔مستنصر حسین تارڑ کی تحریروں نے اردو ادب میں سفرنامہ نگاری کو ایک منفرد شناخت عطا کی ہے۔ان کے سفرنامے محض مختلف خطوں کی سیر کی روداد نہیں بلکہ وہاں کے لوگوں، تہذیبوں، معاشرتی رویوں اور انسانی تجربات کو سمجھنے کا ذریعہ بھی ہیں۔ان کی تخلیقات کئی نسلوں کو مطالعے اور ادب سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ای سی او کلچرل انسٹی ٹیوٹ تہران کے صدر ایمبیسیڈر محمد حسن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مستنصر حسین تارڑ کی ادبی خدمات کو سراہا اور اس بامقصد ادبی تقریب کے انعقاد پر لاہور آرٹس کونسل الحمرا کا شکریہ ادا کیا

بقیہ بقیہ جات 35

یادداشت پر دستخط کیے۔اس موقع پر دونوں اداروں کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔اس شراکت داری کا مقصد قابلیت پر مبنی تربیت، ضروری نصاب کی تیاری، تربیت فراہم کرنے والوں کی تربیت، دورانِ ملازمت تربیت، انٹرن شپس، صنعتی اداروں کے دورے اور روزگار کے مواقع کے ذریعے روابط کا فروغ ہوگا۔انجینئر الطاف حسین ملک نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تربیت اور مہارت میں اضافہ ہماری اہم ترجیحات میں شامل ہے جن میں بالخصوص سیفٹی کلچر اور عملی مہارتوں پر زور دیا جائے گا۔انہوں نے ٹیوٹا کو اس ضمن میں نیشنل گرڈ پاکستان کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ اس اشتراک کو آگے بڑھانے کے لیے ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔چیئرمین ٹیوٹا نے نیشنل گرڈ پاکستان کے ساتھ شراکت داری کا خیر مقدم کرتے ہوئے مفاہمتی یادداشت کو ایک بڑا اعزاز اور تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان فاصلے کم کرنے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 36

کہا گیا کہ ملتوی کیے گئے امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا، امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ امتحانات سے متعلق تازہ ترین معلومات اور آئندہ شیڈول کیلئے خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کی سرکاری ویب سائٹ باقاعدگی سے چیک کرتے رہیں۔امتحانات ملتوی کرنے کا باضابطہ اعلامیہ ڈائریکٹر امتحانات خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کی جانب سے جاری کیا گیا ہے

بقیہ بقیہ جات 37

پر منعقد کیے گئے تھے۔مقابلے میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، اسلام آباد اور چاروں صوبوں سے نامزد حفاظ وقرا شریک ہوں گے۔حفظ اور قرآت میں بچے ،بچیوں اور نوجوانوں کی دس مختلف کیٹیگریوں میں مقابلہ ہوگا۔مقابلے کا مقصد نوجوان نسل میں قرآنی تعلیمات اور حفظ و قرات کے شوق کو فروغ دینا ہے۔مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کے حامل حفاظ وقرا بین الاقوامی مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 38

میں بھی امتحانات ملتوی کر دیئے گئے، جنوبی وزیرستان لوئر دیر میں بھی تمام تعلیمی ادارے بند رہے، ضلع مالاکنڈ کے تعلیمی ادارے (آج) منگل کو بند رہیں گے، ضلع مالاکنڈ میں 30 روز کے لئے دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ریاست علی آزاد اور ایڈووکیٹ ایمل خان عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے ریاست علی آزاد، زینب جنجوعہ اور ایمل خان کی ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ سے جیل میں ملاقات کرانے کی ہدایت کی۔دوران سماعت ریاست علی آزاد نے کہا کہ اگر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ سے ملاقات نہیں ہوگی تو وہ مقدمہ کیسے آگے چلائیں گے۔جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیئے کہ دہشت گردی کے قانون میں درج ہے کہ ٹرائل روزانہ کی بنیاد پر چلنا چاہیے، انہوں نے استغاثہ سے استفسار کیا کہ مقدمے میں مزید کتنے گواہ ہیں جس پر پراسیکیوٹر نے بتایا کہ ان کے 9 گواہ ہیں۔عدالت نے پراسیکیوٹر کو ہدایت کی کہ ملزمان تک وکلا کی رسائی دینا پڑے گی، اس موقع پر ہادی علی چٹھہ نے کہا کہ انہیں عدالت میں پیش کیوں نہیں کیا جارہا، یہ شفاف ٹرائل کے خلاف ہے، وہ آٹھ ماہ سے جیل میں ہیں اور سمجھ نہیں آتا کہ اپنا کیس کیسے آگے چلائیں گے۔ہادی علی چٹھہ نے کہا کہ جیل میں ملاقات کی جگہوں پر کیمرے لگے ہوتے ہیں، ایسے میں وکیل اور مکل کے درمیان بات کیسے ہوسکتی ہے؟ ہماری سزا اور جزا کا فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، اس لیے انہیں عدالت میں پیش کیا جائے

بقیہ بقیہ جات 40

یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی آڈٹ اور خطرات کا جائزہ (تھریٹ اسیسمنٹ)لازمی طور پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔آئی جی پولیس نے چیک پوسٹوں پر نگرانی سخت کرنے اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (نیکٹا) کے ضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں غیر ملکی شہریوں کی نقل وحرکت کے حوالے سے پیشگی اطلاع دینا بھی لازمی قرار دیا گیا۔حکام کو ہدایت کی گئی کہ سکیورٹی سے متعلق تمام قانونی تقاضوں اور طے شدہ شرائط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ این او سی منسوخ کرنے سمیت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے واضح کیا کہ غیر ملکی شہریوں کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 41

منسوخ ہوئی ہیں۔لاہور سے ریاض کی 12 جبکہ پشاور سے 2 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔کراچی سے مدینہ اور دمام ایئر پورٹ کی 4 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔لاہور سے دمام ایئر پورٹ کی 3 پروازیں منسوخ ہوئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

ہسپتال مچھ منتقل کیا گیا جہاں سے بعدازاں انہیں کوئٹہ بھیجا گیا، جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔مچھ کے مقامی شہریوں کے مطابق شدید زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنے کی ضرورت پیش آئی تاہم ہسپتال میں صرف ایک سرکاری ایمبولینس دستیاب تھی جبکہ دو دیگر سرکاری ایمبولینسیں غیر فعال تھیں، ایمبولینسوں کی عدم دستیابی کے باعث مقامی لوگوں نے چندہ جمع کیا اور زخمیوں کو نجی گاڑیوں کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا۔سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو بھی گردش کر رہی ہے جس میں ایک شخص کو جھولی پھیلائے چندہ مانگتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، اس واقعے کے بعد سوشل میڈیا صارفین دور دراز علاقوں کے ہسپتالوں میں ایمبولینس سروس اور طبی سہولیات کی عدم دستیابی پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔دوسرا حادثہ اسی شاہراہ پر مچھ سے تقریباً 50 سے 60 کلومیٹر دور ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں دربی کے قریب پیش آیا۔ایس ایچ او ڈھاڈر ارشاد علی کے مطابق کوئٹہ سے سبی جانے والی ایک آلٹو مہران کار اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں کار میں سوار چار افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔انہوں نے بتایا کہ مرنے والوں میں میاں بیوی اور ان کے بچے شامل ہیں۔زخمی اور لاشوں کو سول ہسپتال ڈھاڈر منتقل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 43

دہشت گردی ایسا مسئلہ ہے جس کا ہم سامنا کر رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔عطاء تارڑ نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 100 ارب ڈالرز سے زائد معاشی نقصان اٹھا چکا، پاکستان نے خطے میں قیام امن کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں انتہا پسندی کا سامنا ہے، پُرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے،

بقیہ بقیہ جات 44

۔تاجروں نے الزام عائد کیا کہ پولیس کی وردی اور سادہ لباس میں ملبوس مسلح افراد نے جیولر کی دکان پر دھاوا بولا اور لاکھوں روپے مالیت کا سونا اور 25 لاکھ روپے چوری کر لیے۔تاجروں کے مطابق مسلح افراد عمیر نامی جیولر کو بھی اغوا کر کے لے گئے جبکہ دکان کے سی سی ٹی وی کیمرے اور ڈی وی آر بھی ساتھ لے گئے۔تاجروں کہا کہ مسلح افراد کے ساتھ آئے پولیس کی وردی میں ملبوس ایک شخص کو پکڑ کر مقامی پولیس کے حوالے کیا گیا۔دوسری جانب پولیس نے کہا کہ جیولر شاپ میں کی گئی کارروائی کی کوئی اطلاع مقامی پولیس کو نہیں دی گئی تھی، تاجر قانونی کارروائی کیلئے درخواست دیں تو کارروائی کی جائے گی اور مبینہ مغوی کو بھی بازیاب کروایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 45

پائیدار معاشی ترقی ناگزیر ہے، موسمیاتی تبدیلی اور تیزی سے بڑھتی آبادی پاکستان کے بڑے چیلنجز ہیں۔ملاقات میں آفات سے نمٹنے کی تیاری اور پیشگی انتباہی نظام کیلئے تکنیکی معاونت کی ضرورت پر زور دیا گیا جبکہ پاکستان میں قابل عمل موسمیاتی منصوبوں کی تیاری کیلئے تعاون پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ، روزگار کے مواقع بڑھانے، پائیدار مالیات اور توانائی کی منتقلی کے شعبوں میں تعاون پر بھی گفتگو ہوئی جبکہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کیلئے ممکنہ تکنیکی معاونت بھی زیر غور آئی۔وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پالیسی تجزیے کو عملی اقدامات اور قابل پیمائش نتائج میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

درجات بلند اور انہیں جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطاء کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

بقیہ بقیہ جات 47

سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 48

کرناہوں کی جبکہ ان بائیکس پر عائد سود حکومت پنجاب خود ادا کرے گی۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سکیم میں کامیاب ہونے والی طالبات کو مفت ڈرائیونگ سکھانے کا بھی انتظام کیا جائے گا تاکہ وہ محفوظ اور آسان طریقے سے اپنی تعلیمی سرگرمیوں کیلئے آمدورفت کر سکیں۔مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں نوجوانوں، بالخصوص طالبات کو آگے بڑھنے کیلئے تمام تر وسائل مہیا کئے جائیں گے، ای بائیکس کی فراہمی سے طالبات کو آمدورفت میں آسانی ہوگی اور ان کے ماہانہ سفری اخراجات میں بھی کمی آئے گی۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب کا ہر بیٹا اور بیٹی ان کے لیے بہت خاص ہیں اور حکومت نوجوانوں کو سہولتیں فراہم کرنے کیلئے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 49

100 فیصد عروج پر ہیں۔انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی پر مٹھائیاں تقسیم کرنے اور شادیانے بجانے والے بھی ناعاقبت اندیش ہیں، ان کو اندازہ ہی نہیں کہ یہ قابل ستائش اقدام نہیں اور اس کے اثرات کچھ بھی ہو سکتے ہیں، اللہ کرے کے اس اقدام سے کوئی سانحہ جنم نہ لے اور اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو۔

بقیہ بقیہ جات 50

جبکہ ملزم کے ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کامیاب ہو گئے جن کی تلاش شروع کر دی گئی۔زمان ٹاؤن پولیس نے بھٹائی کالونی میں مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، نیو کراچی پولیس نے سیکٹر الیون ایل کے قریب دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد تین ملزمان کو بلاضرب گرفتار کیا، سرسید پولیس نے نارتھ کراچی میں مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔شارع نور جہاں پولیس کا بلاک ٹی ٹنکی گراونڈ کے قریب فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ ملزم دیگر دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جن کی تلاش جاری ہے۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، شہریوں سے چھینا ہوا سامان اور موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

یادداشت پر دستخط کیے۔اس موقع پر دونوں اداروں کے سینئر افسران بھی موجود تھے

بقیہ بقیہ جات 52

ضیاع ایک بڑا سانحہ ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبرِ جمیل کی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 53

امیگریشن کے عمل کو شفاف بنانے، مسافروں کو اعلیٰ معیار کی خدمات فراہم کرنے اور مسافروں کے ساتھ خوش اخلاقی کے فروغ کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ایف آئی اے حکام کے مطابق ان نئی تقرریوں کا بنیادی مقصد ایئرپورٹس پر امیگریشن کے طریقہ کار میں شفافیت کو مزید بڑھانا اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار کو بلند کرنا ہے۔نئے تعینات ہونے والے افسران ایف آئی اے کی پالیسیوں اور قوانین کے عین مطابق اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ان کی بنیادی ذمہ داریوں میں مسافروں کے سفری دستاویزات کی جانچ پڑتال اور امیگریشن قوانین کا موثر نفاذ شامل ہے۔حکام نے واضح کیا ہے کہ عملے کو سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ مسافروں کی امیگریشن کلیئرنس کا عمل طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کریں۔

بقیہ بقیہ جات 54

اور دیگر تعلیمی اداروں پر ہوگا۔قوانین کے تحت تعلیمی اداروں کے گرد 100 میٹر کے دائرے میں قائم فوڈ بزنسز کو بھی متعلقہ ضوابط پر عملدرآمد کرنا لازم ہوگا۔نئے ضوابط میں تعلیمی اداروں میں خوراک کی درجہ بندی کیلئے گرین، ییلو اور ریڈ کیٹیگریز متعارف کرائی گئی ہیں۔غذائیت سے بھرپور اور صحت بخش خوراک کو گرین کیٹیگری میں شامل کیا گیا ہے، جبکہ خوراک کے معیار اور غذائی اہمیت کی بنیاد پر دیگر اشیا کی درجہ بندی بھی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 55

فروغ دینے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 56

مطابق گزشتہ سال کی طرح رواں سال بھی ڈینگی کے باعث کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کے شبہ میں 5 ہزار 55 مریضوں کی سکریننگ کی گئی، جن میں سے 54 افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی۔ان میں سے 6 مریض اس وقت مختلف ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ اکتوبر میں ڈینگی کے 21 مریض رپورٹ ہوئے جبکہ ستمبر میں 27 افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی، گزشتہ سال اکتوبر میں ڈینگی کے 928 مثبت کیسز کے مقابلے میں رواں سال مریضوں کی تعداد میں نمایاں کمی کو محکمہ صحت کی انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا اہم نتیجہ قرار دیا جارہا ہے۔ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کی روک تھام کے لیے ضلعی اور تحصیل سطح پر مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں اب تک ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے 34 جبکہ تحصیل ایمرجنسی رسپانس کمیٹیوں کے 108 اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جن میں انسداد ڈینگی اقدامات اور سرویلنس سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ڈینگی لاروا کی نشاندہی اور ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں، لاروا کی موجودگی پر 2 ہزار 798 ایف آئی آرز درج کی گئیں، جبکہ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 686 مقامات سیل کیے گئے اور 2 ہزار 331 چالان جاری کیے گئے۔خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 31 لاکھ 56 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 57

رکھنے کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔مصروف شاہراہوں، چوراہوں اور پانی جمع ہونے والے مقامات پر اضافی ٹریفک اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔انتظامیہ کے مطابق تجارتی مراکز، تعلیمی اداروں اور بس اسٹاپس کے اطراف ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے بھی موثر اقدامات کیے گئے ہیں، جبکہ متعلقہ افسران نکاسی آب اور ٹریفک انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

کا سامنا کرنے والی لائبہ نے 9 اکتوبر کو مبینہ طور پر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کی تھی۔دوسری جانب پولیس اور ایف آئی اے نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا ہے اور فراڈ میں مزید افراد کے ملوث ہونے کے امکان پر تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

گیا ہے کہ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 232(1) اور 234(1) کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کر دی ہے۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت گورنر کو صوبائی حکومت کے تمام یا بعض اختیارات سنبھالنے کی ہدایت دے سکتی ہے، گورنر خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کے تفویض کردہ اختیارات اور فرائض انجام دے سکیں گے، خیبر پختونخوا اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا مقرر کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے، وزیر اعلیٰ، صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری عہدے چھوڑ دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 60

ماضی میں پٹواری محدود وسائل اور مختلف مشکلات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہے ہیں، تاہم موجودہ نظام میں کام کے دباؤ، شکایات اور محکمانہ کارروائیوں کے خدشات نے ان کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ بعض اوقات ایسے افراد بھی شکایات درج کرا دیتے ہیں جن کا متعلقہ موضع یا زمین سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، جبکہ بعض معاملات میں مکمل حقائق سامنے آنے سے پہلے ہی کارروائی شروع ہو جاتی ہے۔اہلکاروں کا مطالبہ ہے کہ ہر شکایت کا نوٹس لیا جائے، تاہم کسی بھی کارروائی سے قبل الزام کی نوعیت، دستیاب شواہد اور متعلقہ فریق کا مقف جانچنا ضروری ہے، تاکہ احتساب کے عمل کو شفاف اور منصفانہ بنایا جا سکے۔محکمہ مال سے وابستہ بعض پٹواریوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے برسوں تک محنت، دیانت داری اور عزت کے ساتھ سرکاری فرائض انجام دیے، لیکن موجودہ حالات میں انہیں ملازمت جاری رکھنے کے حوالے سے مختلف خدشات کا سامنا ہے۔ان کے مطابق دو سے تین پٹواریوں کی جانب سے ایل پی آر لینے کی اطلاعات ہیں، جبکہ بعض دیگر ملازمین بھی موجودہ صورت حال سے دل برداشتہ ہو کر ملازمت چھوڑنے یا قبل از وقت ریٹائرمنٹ لینے پر غور کر رہے ہیں۔پٹواریوں کا مقف ہے کہ اگر کسی سرکاری ملازم سے غلطی سرزد ہو تو قانون اور محکمانہ قواعد کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، تاہم محض الزام کی بنیاد پر کسی ملازم کی برسوں کی ساکھ کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ان کا کہنا ہے کہ ملازمت کے آخری مرحلے میں یہ خدشہ بھی پریشانی کا باعث بنتا ہے کہ کہیں کوئی جھوٹا یا بدنیتی پر مبنی الزام ان کی پوری سروس کے دوران قائم ہونے والی نیک نامی کو متاثر نہ کر دے۔اہلکاروں کے مطابق جب تحصیل میں 89 پٹوار سرکلز موجود ہیں تو ان کے مؤثر انتظام کے لیے مناسب تعداد میں پٹواریوں کی تعیناتی بھی ناگزیر ہے۔اگر صرف 32 یا 33 اہلکار تمام سرکلز کا کام سنبھال رہے ہیں تو زمینوں کے ریکارڈ کی دیکھ بھال، انتقالات، دفتری امور اور عوامی درخواستوں کو بروقت نمٹانا مشکل ہو سکتا ہے

بقیہ بقیہ جات 61

تھے۔ہفتہ صفائی مہم کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانا، عوام میں صفائی کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا اور صاف ستھرے ماحول کے قیام کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

پیپلز پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور پارلیمان کی خودمختاری پر یقین رکھتی ہے، غیر معمولی حالات میں آئینی دفعات کا استعمال ناگزیر ہوسکتا ہے، تاہم ایسے اقدامات سیاسی بنیادوں پر نہیں بلکہ آئینی تقاضوں اور قانونی حدود کے مطابق ہونے چاہییں۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورت حال اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات کے حوالے سے صوبائی حکومت کی کارکردگی اور مبینہ عدم تعاون پر سوالات اٹھتے رہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 63

میں قابل قدر خدمات کو سراہا۔صدر مملکت نے پرنس رحیم آغا خان کی اچھی صحت اور لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے ان کی کوششوں میں مسلسل کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 64

لیے ایک مستقل مرکز قائم ہوگیا۔اس کے علاوہ، دوستی کے 75 سال، امن و آشتی کے لیے مل کر آگے بڑھیں کے موضوع پر فن پاروں، تصاویر اور ویڈیوز کے لیے باضابطہ طور پر تخلیقات طلب کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔

افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، عطاء اللہ تارڑ

پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کر کے دنیا کو محفوظ کیا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، ہمیں انتہاپسندی کا سامنا ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے

پاکستان افغانستان میں انتہا وشدت پسندی کا خاتمہ چاہتا ہے، پاکستان نے دنیا میں قیام امن کے لیے جو کیا اس سے ثابت ہے پاکستان حل نکال سکتا ہے، وزیر اطلاعات کی گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کر کے دنیا کو محفوظ کیا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، ہمیں انتہاپسندی کا سامنا ہے، پُرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے، دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کر رہے ہیں، پاکستان افغانستان میں انتہا وشدت پسندی کا خاتمہ چاہتا ہے، پاکستان نے دنیا میں قیام امن کے لیے جو کیا اس سے ثابت ہے پاکستان حل نکال سکتا ہے۔ انسدادِ دہشت گردی کے بدلتے منظرنامے پر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

لاہور: مینجنگ ڈائریکٹر پی ایچ اے لاہور احمد عثمان جاوید ہارٹی کلچر ورک کا معائنہ کر رہے ہیں۔

سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے متاثرہ ملازمین کو سننے کا موقع دینا لازم ہے، سپریم کورٹ

متاثرہ ملازم کو سنے بغیر انتظامی کارروائی کے ذریعے اس کی سنیارٹی ختم یا تبدیل کرنا قانونی تقاضوں کے منافی ہے، عدالت عظمٰی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی سرکاری ملازم کی سنیارٹی میں تبدیلی سے پہلے اسے موقف پیش کرنے کا منصفانہ موقع دینا ضروری ہے خواہ پہلے مقرر کی گئی سنیارٹی متعلقہ سروس قواعد کے خلاف ہی کیوں نہ ہو، عدالت نے سندھ پولیس کے سب انسپکٹرز کی سنیارٹی بغیر سماعت تبدیل کرنے سے متعلق سابقہ حکم واپس لیتے ہوئے محکمے کو متاثرہ افسران کا مقف سن کر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کی۔ جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس شاہد بلال حسن پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر30)

لاہور: ایک نوجوان کھانے کی مختلف اشیاء فروخت کرنے کے لئے بیٹھا ہے۔

افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں سرحد پار دہشتگردی کے شواہد پھر سامنے آگئے

سی آئی اے کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ ایڈمز نے بھی افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کردی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان سے سرحد پار دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے آگئے۔ پاک فوج کے ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور ہلاکتوں کی عالمی سطح پر بھی تصدیق ہوگئی ہے۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کی خصوصی رپورٹ کے مطابق امریکی خفیہ ایجنسی (سی آئی اے) کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ ایڈمز نے بھی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر31)

ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور عدم تعاون کا نتیجہ ہے، طارق فضل چودھری

پارلیمان سے توثیق کرائی جائے گی، مذاکرات کے دروازے بند نہیں کریں گے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور عدم تعاون کا نتیجہ ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور عدم تعاون کا نتیجہ ہے، پارلیمان سے توثیق کرائی جائے گی، مذاکرات کے دروازے بند نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو اپوزیشن عدالت میں چیلنج کر سکتی ہے تاہم ایمرجنسی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

لاہور: وکلاء کے احتجاج کے باعث شہر کی مصروف شاہراہ مال روڈ پر ٹریفک جام کا منظر۔

پشاور، دوسرے روز بھی مختلف راستے بند، ریڈ زون مکمل طور پر سیل

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور میں مسلسل دوسرے روز بھی مختلف راستے بند رہے، شہر کے ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور کی مختلف سڑکوں پر کنٹینرز رکھ کر آمد ورفت محدود کر دی گئی ہے، بی آر ٹی سروس بھی دوسرے روز بند رہی، شہر کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں میں عام تعطیل رہی تاہم سرکاری دفاتر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

الحمرا میں عالمی شہرت یافتہ ادیب، دانشور اور سفرنامہ نگار مستنصر حسین تارڑ کے اعزاز میں پروقار ادبی شام

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور آرٹس کونسل الحمرا اور ای سی او کلچرل انسٹی ٹیوٹ تہران کے مشترکہ تعاون سے عالمی شہرت یافتہ ادیب، دانشور اور سفرنامہ نگار مستنصر حسین تارڑ کے اعزاز میں خصوصی تقریب ''بیونڈ دی بارڈرز'' کا انعقاد کیا گیا، جس میں ان کی ادبی خدمات، تحقیقی سفر اور اردو ادب کے لیے گراں قدر کردار کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں ملکی علمی، ادبی اور ثقافتی شخصیات نے شرکت کی، جبکہ ترکیہ اور ایران سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے آن لائن گفتگو کے ذریعے تقریب کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

نیشنل گرڈ پاکستان اور ٹیوٹا پنجاب کے درمیان پاور سیکٹر سکلز ڈویلپمنٹ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل گرڈ پاکستان نے ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) پنجاب کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں جس کا مقصد پاور سیکٹر کے لیے عالمی معیار کی افرادی قوت تیار کرنا اور تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان تعاون کو مستحکم کرنا ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل گرڈ پاکستان انجینئر الطاف حسین ملک اور چیئرمین ٹیوٹا، بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر، ستارہ امتیاز (ملٹری) نے ٹیوٹا سیکرٹریٹ، لاہور میں منعقدہ تقریب کے دوران مفاہمتی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

بلوچستان، دو ٹریفک حادثات، 13 افراد جاں بحق، ہسپتال منتقلی کیلئے چندہ مہم

دونوں حادثات کوئٹہ کو سبی اور سکھر سے ملانے والی این 65 قومی شاہراہ پر پیش آئے، پولیس حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کچھی میں پیش آنے والے دو ٹریفک حادثات میں کم ازکم 13 افراد جاں بحق اور 20 سے زائد زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق دونوں حادثات کوئٹہ کو سبی اور سکھر سے ملانے والی این 65 قومی شاہراہ پر پیش آئے۔ مچھ پولیس کے ڈی ایس پی اکبر بگٹی نے بتایا کہ پہلا حادثہ کوئٹہ سے تقریباً 60 کلومیٹر دور ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں زمیندار ہوٹل کے قریب پیش آیا جہاں دو مزدا ٹرکوں کے درمیان تصادم کے بعد کوئٹہ سے سبی جانے والی ایک مسافر ویگن بھی ان سے ٹکرا گئی۔ انہوں نے بتایا کہ تصادم کے نتیجے میں ویگن پل سے نیچے کھائی میں جا گری جس سے جانی نقصان زیادہ ہوا، ایک مزدا ٹرک میں خانہ بدوش خاندان جا رہا تھا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ زخمیوں کو پہلے سول (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

لاہور: پنجاب سپورٹس کمپلیکس میں فٹ بال کے کھلاڑی تربیت لے رہے ہیں۔

پاکستان سے ریاض کی 34 پروازیں منسوخ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے تمام ایئرپورٹس سے سعودی دارالحکومت ریاض کی 34 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے ریاض ایئرپورٹ کی تمام 6 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ اسلام آباد سے کنگ خالد ایئرپورٹ ریاض کی 14 پروازیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

گلگت، غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافہ کرنے کا فیصلہ

سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کردی گئی

گلگت (سٹاف رپورٹر) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیرِ صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید موثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی کے مقامات پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی، اس کے علاوہ غیر ملکی شہریوں کے تحفظ کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

مظفرگڑھ میں تاجروں اور ایلیٹ فورس میں ہاتھاپائی، جیولر کے اغوا کیخلاف احتجاج

مظفرگڑھ (سٹاف رپورٹر) مین بازار میں تاجروں اور ایلیٹ فورس اہلکاروں کے درمیان ہاتھا پائی ہوئی، تاجروں نے ملتان پولیس کے ایک سب انسپکٹر کو پکڑ کر دکان میں بند کر دیا جسے چھڑوانے کیلئے ایلیٹ فورس کی نفری موقع پر پہنچی۔ پولیس کے مطابق تھانہ سول لائن پولیس اور ایلیٹ فورس کی جانب سے سب انسپکٹر کو تحویل میں لیے جانے کے بعد تاجروں نے ملتان روڈ پر احتجاج شروع کر دیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

وزیر خزانہ کی سربراہ ای ایس سی اے پی سے ملاقات، معاشی اصلاحات پر گفتگو

بینکاک (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اقوام متحدہ کے اقتصادی وسماجی کمیشن برائے ایشیا و بحرالکاہل (ای ایس سی اے پی) کی ایگزیکٹو سیکرٹری سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترجیحات اور باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں پاکستان میں معاشی استحکام کیلئے ہونے والی پیش رفت کو برقرار رکھنے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ساختی اصلاحات اور برآمدات پر مبنی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

سید یوسف رضا گیلانی کا پاک فضائیہ کے تربیتی طیارے کے حادثہ پر افسوس کا اظہار، پائلٹس کی شہادت پر تعزیت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاک فضائیہ کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، افسوسناک حادثہ کے نتیجے میں دونوں پائلٹ شہید ہو گئے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے شہید پائلٹس کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید پائلٹس کی ملک وقوم کے لئے خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید پائلٹس کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)

لاہور: صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

کراچی میں دفعہ 144 نافذ، اجتماع، جلسے اور احتجاج پر پابندی عائد کردی گئی

دفعہ 144 کا اطلاق کراچی ڈویژن کی تمام حدود میں ہوگا، پابندی امن وامان کے خدشات کے پیش نظر لگائی گئی

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی میں دفعہ 144 کے تحت اجتماع، جلسے اور احتجاج پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ کراچی میں دفعہ 144 کے تحت پابندی کا اطلاق 20 اکتوبر تک رہے گا اس سلسلے میں نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق دفعہ 144 کا اطلاق کراچی ڈویژن کی تمام حدود میں ہوگا، پابندی امن و امان کے خدشات کے پیش نظر عائد کی گئی ہے۔

لاہور: محمد نگر کا رہائشی شہری جنرل ہسپتال انتظامیہ کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہا ہے۔

پنجاب پولیس نے اقرار الحسن کو گرفتار نہیں کیا، عظمیٰ بخاری

اقرار الحسن کے بارے میں جیسے ہی کوئی مصدقہ اطلاعات موصول ہوں گی، ان کے اہل خانہ کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس نے اقرار الحسن کو گرفتار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ اقرار الحسن کے بارے میں جیسے ہی کوئی مصدقہ اطلاعات موصول ہوں گی، ان کے اہل خانہ کو آگاہ کر دیا جائے گا۔ اقرار الحسن کے بارے میں جیسے ہی کوئی مصدقہ اطلاعات موصول ہوں گی، ان کے اہل خانہ کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

بنوں، سکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک خارجی جہنم واصل

مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، سکیورٹی ذرائع

بنوں، راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ضلع بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ایک خارجی دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، علاقے میں خوارج کی موجودگی اور نقل وحرکت پر مسلسل کڑی نظر رکھی جارہی ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز ان کے نیٹ ورکس تباہ کرنے اور نقل وحرکت محدود کرنے میں موثر ثابت ہو رہے ہیں۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کبڈی میچ جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں۔

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جیل میں وکلا سے ملاقات کرانے کا حکم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیریئر ہٹانے کے دہشت گردی کے مقدمے میں وکلا کی ملزمان سے جیل میں ملاقات کرانے کا حکم دیدیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی، اس موقع پر ڈاکٹر شیریں مزاری، ایڈووکیٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

پشاور کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے بند رہے

پشاور (سٹاف رپورٹر) ضلع پشاور کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی ادارے بند رہے، سرکاری ذرائع کے مطابق بنوں تعلیمی بورڈ ایس ایس سی سالانہ امتحانات دوم کے تمام پرچے بھی ملتوی کر دیے گئے۔ میٹرک کے ہونے والے سالانہ امتحان دوم کا پرچہ بھی تاحکم ثانی ملتوی کر دیا گیا، امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ کوہاٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

وزارتِ مذہبی امور کے زیر اہتمام 41واں قومی مقابلہ برائے حفظ وقرات 14 اکتوبر سے شروع ہوگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزارتِ مذہبی امور کے زیر اہتمام 41 واں قومی مقابلہ برائے حفظ وقرات 14 اکتوبر سے شروع ہوگا، جو 15 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق ملک بھر سے 56 حفاظ وقرا قومی مقابلہ برائے حفظ وقرات میں شریک ہوں گے۔ قومی مقابلوں کے پہلے دو مراحل ضلعی اور صوبائی سطح (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

کے پی میں پی ایم ایس آفیسر کے تحریری امتحانات ملتوی کرنے کا فیصلہ

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن نے پی ایم ایس آفیسر (بی پی ایس 17) کے سال 2026 کے تحریری امتحانات ملتوی کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ کمیشن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پی ایم ایس 2026 کے تحریری امتحانات 14 اکتوبر سے 31 اکتوبر تک منعقد ہونا تھے، تاہم انہیں ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

طلال چوہدری کی سہیل آفریدی کو حفاظتی تحویل میں لینے کی تصدیق

برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز سے گفتگو میں طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ جن افراد کے خلاف الزامات ہیں۔۔

ان کے مقدمات عدالت میں چلائے جائیں گے جبکہ جن کے خلاف کوئی مقدمہ نہیں، انہیں رہا کر دیا جائے گا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے سہیل آفریدی اور پی ٹی آئی کے بعض رہنماؤں کو حفاظتی تحویل میں لینے کی تصدیق کر دی۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز سے گفتگو میں طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ جن افراد کے خلاف الزامات ہیں۔ ان کے مقدمات عدالت میں چلائے جائیں گے جبکہ جن کے خلاف کوئی مقدمہ نہیں، انہیں رہا کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے ملاقاتوں پر پابندی عائد کر دی گئی تھی، وزیراعلیٰ ہاؤس میں کسی کو داخلے کی اجازت نہیں تھی، وہاں تعینات عملے کی تعداد بھی محدود کر دی گئی تھی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز وفاقی حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت صدر کی طرف سے ایمرجنسی نافذ کرنے کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا تھا جس میں بتایا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

پنجاب سی ایم ای بائیکس سکیم میں 13 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی رجسٹریشن

جوانوں کو سفری سہولیات کی فراہمی اور بالخصوص طالبات کیلئے تعلیم تک رسائی آسان بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، مریم نواز

ایک لاکھ نوجوانوں کو قرعہ اندازی کے ذریعے ای بائیکس ملیں گی، ماہانہ قسط 3 ہزار روپے مقرر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سی ایم ای بائیکس سکیم میں نوجوانوں کی بھرپور دلچسپی سامنے آئی ہے۔ حکومتی اعلامیے کے مطابق سکیم کے تحت 13 لاکھ سے زائد نوجوانوں نے رجسٹریشن کروائی جبکہ 6 لاکھ 7 ہزار سے زائد درخواستیں جمع کرائی جا چکی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متعلقہ حکام کو سکیم کا پراسیس جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو سفری سہولیات کی فراہمی اور بالخصوص طالبات کیلئے تعلیم تک رسائی آسان بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اعلامیے کے مطابق سی ایم ای بائیکس سکیم کے تحت قرعہ اندازی کے ذریعے ایک لاکھ خوش نصیب نوجوانوں کو ای بائیکس فراہم کی جائیں گی، مستحق کامیاب امیدواروں کو صرف 3 ہزار روپے ماہانہ کی آسان اقساط ادا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے مسائل سن رہے ہیں۔

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں کبوتر دانہ دنکا چگ رہے ہیں۔

لائبہ خودکشی کیس، پولیس نے لڑکی سے فراڈ کرنیوالے گینگ کو گرفتار کرلیا

گرفتار کیے جانے والے ملزمان میں نعمان، فاطمہ سرور اور عائزہ شامل، لائبہ اعجاز سے 93 لاکھ روپے لیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فراڈ سے دلبرداشتہ ہو کر اسلام آباد میں مبینہ طور پر خودکشی کرنے والی لائبہ اعجاز کو اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دینے والے گینگ کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار کیے جانے والے ملزمان میں نعمان، فاطمہ سرور اور عائزہ شامل ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے امریکی ویزا اور اسکالرشپ دلوانے کے نام پر مبینہ خودکشی کرنے والی لائبہ اعجاز سے 93 لاکھ روپے لیے، لائبہ کو جعلی اسکالرشپ، یونیورسٹی کے آفر لیٹرز اور فیس کی رسیدیں بھی دی گئیں۔ امریکا میں اعلیٰ تعلیم اور اسکالرشپ کا خواب فراڈ ثابت ہونے پر شدید مالی نقصان اور ذہنی اذیت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

پشاور میں بارش کے بعد انتظامیہ متحرک، سڑکوں سے پانی نکالنے کا کام تیز

تجارتی مراکز، تعلیمی اداروں اور بس اسٹاپس کے اطراف ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے بھی مؤثر اقدامات

پشاور (سٹاف رپورٹر) بارش کے بعد ضلعی انتظامیہ نے شہر میں نکاسی آب کے لیے ہنگامی اقدامات شروع کر دیئے، اہم شاہراہوں اور نشیبی علاقوں سے پانی نکالنے کے لیے افسران اور بلدیاتی عملہ فیلڈ میں متحرک ہوگیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق سڑکوں اور گلیوں میں جمع بارش کے پانی کی نکاسی کے ساتھ نالوں کی صفائی کا عمل بھی جاری ہے، سڑکوں سے کوڑا کرکٹ ہٹانے اور نکاسی آب کے نظام کو فعال رکھنے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جاسکے۔ دوسری جانب چیف ٹریفک آفیسر پشاور کی ہدایت پر بارش کے بعد ٹریفک کی روانی برقرار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

لاہور: ایک کاریگر بانس کی لکڑی سے فریم تیار کر رہا ہے۔

راولپنڈی میں رواں سال ڈینگی کیسز میں نمایاں کمی، صرف 54 مریض رپورٹ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کے مریضوں کی تعداد میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، گزشتہ سال اکتوبر میں ڈینگی کے 928 مثبت کیسز سامنے آئے تھے، جبکہ رواں سال اب تک صرف 54 مریضوں میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ محکمہ صحت کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

لبنان کے سفیر کی وزیرِ دفاع سے ملاقات

،لبنان کیساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جمہوریہ لبنان کے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سفیرِ غیر معمولی ومکمل الاختیار، عزت عبدالعزیز عیسیٰ نے اسلام آباد میں وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیرِ دفاع نے لبنان کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات باہمی اعتماد اور خیرسگالی پر مبنی ہیں۔ ملاقات میں پاکستان اور لبنان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

لاہور: صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر برازیل کے شہر ساؤ پالو میں پاکستانی سفارتخانے کے ٹریڈ کونسلر/ ہیڈ آف مشن ڈاکٹر بابر چوہان سے ملاقات کے موقع پر اظہار خیال کر رہے ہیں۔

رائے ونڈ میں نکاسی آب کا نظام بہتر بنانے کے لیے اقدامات تیز

یونین کونسل 272 کے دو خالی پلاٹوں سے پانی کی نکاسی شروع

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) رائے ونڈ میں ضلعی انتظامیہ نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے سرگرم ہوگئی یونین کونسل 272 میں سروے کے دوران دو خالی پلاٹوں میں جمع پانی کی نکاسی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بابر علی رائے نے میٹرو پولیٹن کارپوریشن افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ موسم سرما سے قبل تمام خالی پلاٹوں کی صفائی ہنگامی بنیادوں پر یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل رائے ونڈ میں تبلیغی اجتماع کی آمد سے قبل نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔

گوجرخان، محکمہ مال کے انتظامی ڈھانچے اور پٹواریوں کی عدم دستیابی، عوام کی مشکلات میں اضافہ

89 پٹواریوں میں سے صرف 33 پٹواری فرائض انجام دے رہے ہیں

گوجرخان (این این آئی) تحصیل گوجرخان میں محکمہ مال کے انتظامی ڈھانچے اور پٹواریوں کی دستیابی کے حوالے سے اہم سوالات سامنے آنے لگے ہیں۔ ذرائع کے مطابق تحصیل گوجرخان کے 89 پٹوار سرکلز کے مقابلے میں صرف 32 سے 33 پٹواری فرائض انجام دے رہے ہیں، جبکہ بعض پٹواریوں کی جانب سے لیو پری ریٹائرمنٹ (ایل پی آر) لینے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ اگر یہ اعداد وشمار درست ہیں تو عملے کی کمی محکمہ مال کے لیے ایک بڑا انتظامی چیلنج بن سکتی ہے اور اس کے باعث عوام کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ محکمہ مال سے وابستہ بعض اہلکاروں کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)

جہلم میں ہفتہ صفائی مہم کا باقاعدہ افتتاح، صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ اقدامات کا آغاز

مہم کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر جہلم ویلی کامران خان نے بلدیہ، سول سوسائٹی اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے کیا

جہلم ویلی (سٹاف رپورٹر) جہلم میں ہفتہ صفائی مہم کا باقاعدہ افتتاح، صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ اقدامات کا آغاز ضلع جہلم ویلی میں ہفتہ صفائی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ مہم کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر جہلم ویلی کامران خان نے بلدیہ، سول سوسائٹی اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر بلدیہ ابرار مغل سمیت دیگر متعلقہ افراد بھی موجود (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)

لاہور: کاریگر مشین پر ترپال سلائی کرنے میں مصروف ہے۔

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا معاملہ پارلیمنٹ میں پیش ہوگا، حتمی فیصلہ آئینی طریقہ کار کے مطابق ہوگا، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سید نیئر حسین بخاری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاملہ پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا، جہاں منتخب نمائندے آئینی طریقہ کار کے مطابق غور و خوض کے بعد حتمی فیصلہ کریں گے۔ نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

صدر مملکت آصف علی زرداری کی اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دی ہے۔ پیر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں صدر مملکت نے پاکستان اور دنیا بھر میں آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک اور آغا خان فاؤنڈیشن کی صحت، تعلیم، خواتین کو بااختیار بنانے اور پائیدار ذرائع معاش کے شعبوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

چین پاکستان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل، ثقافتی تعاون کے دو طویل المدتی منصوبوں کا آغاز

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) رواں سال 2026 کا وسط خزاں مشاعرہ اسلام آباد میں پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (پی این سی اے) میں منعقد ہوا، جس میں چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر دو طویل المدتی ثقافتی اقدامات کا اعلان کیا گیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اس موقع پر شو یانگ بک ہاؤس اسلام آباد پبلک ریڈنگ اسٹیشن کا باضابطہ افتتاح کیا گیا، جس سے چینی اور پاکستانی عوام کے درمیان مطالعے، سیکھنے اور باہمی تبادلے کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

TELEPHONIC COUNSELLING
Are You Struggling With Emotional or Relationship Problems?

Professional guidance and supportive counselling for:
- Painful or traumatic past experiences
- Anxiety, low mood & emotional distress
- Low self-esteem and negative self-image
- Negative habits, addictions & self-destructive patterns
- Fears and phobias
- Mood changes & panic symptoms
- Negative self-talk and inner conflicts
- Marriage & relationship problems
- Personal growth and life challenges

تیلی فونک کاؤنسلنگ (فون پر نفسیاتی مشاورت)
کیا آپ جذباتی یا رشتون کے مسائل سے پریشان ہیں؟
درج ذیل مسائل کے لیے پیشہ ورانہ رہنمائی اور مدد فراہم کیے مشاورت حاصل کریں
- ماضی کے تکلیف دہ یا صدمہ انگیز تجربات
- بے چینی، اداسی اور جذباتی پریشانی
- خود اعتمادی کی کمی اور اپنی ذات کے بارے میں منفی سوچ
- منفی عادات، لت اور خود کو نقصان پہنچانے والے رویے
- خوف اور مختلف فوبیاز
- مزاج میں تبدیلیاں اور گھبراہٹ کی علامات
- منفی خود کلامی اور اندرونی کشمکش
- ازدواجی اور دلامی تعلقات کے مسائل
- ذاتی نشوونما اور زندگی کے چیلنجز

TELEPHONIC COUNSELLING ONLY
FIRST FIVE SESSIONS ARE FREE!
صرف ٹیلی فون کے دریعے کاؤنسلنگ
پہلے پانچ سیشن بالکل مفت ہیں!

Timing: 7:00 PM – 9:00 PM
Asif Shah
Life Transformation Coach
Cell: 0316-4540476

اوقات: شام 7:00 بجے سے رات 9:00 بجے تک
آصف شاہ
لائف ٹرانسفارمیشن کوچ
موبائل نمبر: 0316-4540476

Confidential • Supportive • By Telephone
رازداری • ھمدردانہ رہنمائی • بذریعہ ٹیلی فون